روزنامہ

تعمیر وطن کوئٹہ

★ ABC CERTIFIED ★

Member APNS

Daily Tameer-e-Watan Quetta

جلد نمبر 27......شمارہ نمبر 346 بروز جمعہ 11 ستمبر 2026ء 28 ربیع الاول 1448ھ......قیمت 7 روپے (صفحات 4) کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر: محمد عاطف خان......ایڈیٹر: ایم ایس خان

محکمہ صحت حکومت بلوچستان کا اعلامیہ

کوئٹہ (خ ن) محکمہ صحت حکومت بلوچستان کے جاری کردہ ایک اعلامیے کے مطابق محکمے کے سینئر رجسٹرار / گائناکولوجسٹ بولان میڈیکل کالج (B-18) ڈاکٹر مہرینہ زمرد وختر یاسر صادق کیخلاف 6 جنوری 2019 سے مسلسل غیر حاضر رہنے کی بنا پر بیڈا ایکٹ 2011 کے تحت کارروائی عمل میں لاتے ہوئے انہیں محکمے سے جبری ریٹائر کر دیا گیا ہے۔

خاران بازار میں نامعلوم مسلح افراد نے نجی بینک پر فائرنگ کر کے اے ٹی ایم مشین کو نقصان پہنچایا

کوئٹہ (آن لائن) خاران بازار میں نامعلوم مسلح افراد نے نجی بینک پر فائرنگ کر کے اے ٹی ایم مشین کو نقصان پہنچایا اور فرار ہوگئے ذرائع کے مطابق گزشتہ روز خاران بازار میں نامعلوم ملزمان نے نجی بینک کی اے ٹی ایم مشین پر فائرنگ کردی جس سے اس کو نقصان پہنچا یاد رہے کہ اس سے قبل بھی مذکورہ بینک کو نشانہ بنایا جا چکا ہے۔

صدر آصف علی زرداری لندن کے دورے کے بعد وطن واپس پہنچ گئے



اسلام آباد (آن لائن) صدر مملکت آصف علی زرداری بیرون ملک نجی دورہ مکمل کرنے کے بعد وطن واپس پہنچ گئے۔ ذرائع کے مطابق صدر مملکت کچھ دیر قبل اسلام آباد پہنچے، جہاں چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سمیت دیگر (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

وزیراعلیٰ بلوچستان کی سبی تیزاب گردی کے واقعے میں متاثر ہونے والی خاتون کے علاج کیلئے فوری اقدامات کی ہدایت

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مستونگ میں مبینہ تیزاب گردی کے واقعے میں متاثر ہونے والی خاتون بی بی لائبہ زوجہ کلیم اللہ کے علاج معالجے کے لیے فوری اقدامات کی ہدایت کی ہے وزیراعلیٰ کی ہدایت پر متاثرہ خاتون کو مزید اور بہتر طبی سہولیات (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

ایمان، اتحاد اور نظم وضبط کے اصول آئندہ نسلوں کیلئے مشعل راہ ہیں، وزیراعظم

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناحؒ کی 78 ویں برسی کے موقع پر اپنے پیغام میں بابائے قوم کو شاندار الفاظ میں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پوری قوم عظیم رہبر کی بصیرت افروز قیادت، سیاسی حکمت عملی (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

بلوچستان کے نوجوانوں کے مستقبل اور ان کے حق روزگار پر کسی قسم کا سمجھوتہ قابل قبول نہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا اعلیٰ سطحی اجلاس سے خطاب

نوکریاں فروخت ہوئیں تو وزیر اور سیکرٹری بھی نہیں بچیں گے، وزیراعلیٰ بلوچستان

بلوچستان میں کسی نوجوان کی نوکری فروخت نہیں ہونے دیں گے، نوکریوں کی خرید و فروخت کے مصدقہ شواہد سامنے آئے تو کوئی وزیر بچے گا نہ کوئی سیکرٹری بچے گا

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں کسی نوجوان کی نوکری فروخت نہیں ہونے دی جائے گی، نوکریوں کی خرید و فروخت کے مصدقہ شواہد سامنے آئے تو کوئی وزیر بچے گا نہ کوئی سیکرٹری، جبکہ ملوث عناصر کے خلاف غیر جانبدارانہ تحقیقات کے بعد قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ بلوچستان کے نوجوانوں کے مستقبل اور ان کے حق روزگار پر کسی قسم کا سمجھوتہ قابل قبول نہیں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے یہ بات سیکرٹریز کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی جس میں صوبائی محکموں کی کارکردگی، سالانہ ترقیاتی پروگرام کی فزیکل و فنانشل پیش رفت، بھرتیوں کے عمل اور مختلف انتظامی امور کا جائزہ لیا گیا اجلاس میں صوبائی وزیر ترقیات (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

وزیراعظم شہباز شریف تجارتی سہولت بورڈ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ڈیجیٹل ادائیگیوں کے فروغ سے شفافیت بڑھے گی، مستحق خواتین کو مالی معاونت براہ راست، محفوظ اور باوقار انداز میں ملنی چاہیے، وزیراعظم شہباز شریف

حکومت اور گیٹس فاؤنڈیشن کی مشترکہ کوششوں کے نتیجے میں ڈیجیٹل ادائیگیوں میں اضافہ ہو رہا ہے مالی معاونت براہ راست، محفوظ اور باوقار انداز میں فراہم کی جانی چاہیے

کیش لیس پاکستان حکومتی اصلاحاتی ایجنڈے کا بنیادی حصہ ہے، شہباز شریف

گیٹس فاؤنڈیشن وفد کی وزیراعظم سے ملاقات، پاکستان اور گیٹس فاؤنڈیشن کے درمیان مختلف شعبوں میں جاری تعاون اور شراکت داری کو مزید مؤثر بنانے کے امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (آن لائن) گیٹس فاؤنڈیشن کے وفد نے وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کی، جس میں پاکستان اور گیٹس فاؤنڈیشن کے درمیان مختلف شعبوں میں جاری تعاون اور شراکت داری کو مزید مؤثر بنانے کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ گیٹس فاؤنڈیشن کے وفد میں بلپنا کوچرا اور امتیاز زیدی شامل تھیں۔ وزیراعظم نے پاکستان کو درپیش ترقیاتی چیلنجز کے دوران گیٹس فاؤنڈیشن کی مسلسل معاونت اور شراکت داری کو سراہا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

اسلام آباد کو پانچواں صوبہ بنانے کی باتیں درست نہیں ہے، ڈاکٹر طارق فضل چوہدری

اسلام آباد کو دنیا کے باقی دارالحکومتوں کی طرح بنانے کی سفارشات تیار کی گئی ہیں، وفاقی وزیر

اسلام آباد (ان لائن) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ اسلام آباد کو پانچواں صوبہ بنانے کی باتیں درست نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد کو دنیا کے باقی دارالحکومتوں کی طرح بنانے کی سفارشات تیار کی گئی ہیں جن پر تمام سیاسی جماعتوں سمیت دیگر اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کی جائے گی۔ جمعرات کو پا (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

تفتان کوئٹہ شاہراہ این-40 پر پل کو بارودی مواد سے اڑا دیا گیا

دالبندین (آن لائن) تفتان کوئٹہ شاہراہ این-40 پر پل کو بارودی مواد سے اڑا دیا گیا پولیس ذرائع کے مطابق گزشتہ رات نامعلوم افراد نے تفتان سے کوئٹہ جانے والی این 40 شاہراہ پر پنجتر کے قریب ایک پل کے نیچے بارودی مواد (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

مستونگ، نامعلوم ملزمان کی پولیس چوکی پر فائرنگ سے 1 اہلکار شہید اور 1 زخمی

نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئی مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے

کوئٹہ (آن لائن) مستونگ کے علاقے میں کانک میں نامعلوم ملزمان کی پولیس چوکی پر فائرنگ سے ایک اہلکار شہید اور ایک زخمی ہوگیا۔ پولیس کی جوابی کارروائی پر حملہ آور فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ فائرنگ سے علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ نعش اور زخمی کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا پولیس کے مطابق گزشتہ شب مستونگ کے علاقے کانک میں (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

صوبائی مشیر بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ زہری سے میر خالد لانگو کی ملاقات

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری سے قبائلی و سیاسی رہنما اور سابق صوبائی وزیر میر خالد لانگو نے جہالاوان ہاؤس میں ملاقات کی۔ ملاقات میں سیاسی، قبائلی اور علاقائی صورتحال سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

بلوچستان میں 25 لیڈی میڈیکل افسران ملازمت سے برطرف، نوٹیفکیشن جاری

بلوچستان ایمپلائز ایفیشنسی اینڈ ڈسپلن ایکٹ 2011 کے تحت تادیبی کارروائی عمل میں لائی گئی

سرکاری ڈیوٹی سے دانستہ اور غیر مجاز غیر حاضری کے الزام میں ملازمت سے برطرف کیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ میں محکمہ صحت بلوچستان نے 25 لیڈی میڈیکل افسران کو ملازمت سے برطرف کردیا، سیکریٹری صحت بلوچستان مجیب الرحمان نے برطرفی کا نوٹیفکیشن جاری کردیا۔ افسران کے خلاف بی ای ڈی اے ایکٹ 2011 کے تحت تادیبی کارروائی کی گئی۔ کوئٹہ میں محکمہ صحت بلوچستان نے 25 لیڈی میڈیکل افسران کو ملازمت (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سیکرٹریز کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

غزہ مقبوضہ فلسطینی علاقے کا لازمی حصہ ہے، دو ریاستی حل ہی پائیدار امن کا واحد راستہ ہے، پاکستان سمیت 8 ممالک کا مشترکہ مؤقف

پاکستان سمیت آٹھ ممالک کا اسرائیلی بستیوں کے خلاف مؤثر اقدامات کا مطالبہ

پاکستان سمیت 8 ممالک کا اسرائیلی بستیوں کے خلاف مشترکہ اعلامیہ، غیر قانونی آبادکاری میں ملوث افراد و تنظیموں کو جوابدہ بنانے کا مطالبہ

غزہ کے عوام کو درپیش انسانی مشکلات کے خاتمے کے ساتھ ساتھ علاقے میں پائیدار سکیورٹی اور استحکام کے لیے عملی اقدامات کیے جانے چاہئیں

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان، ترکیہ، مصر، انڈونیشیا، اردن، قطر، سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات کے وزرائے خارجہ نے مقبوضہ فلسطینی علاقے میں اسرائیل کی جانب سے قائم کی جانے والی غیر قانونی بستیوں کے خلاف مشترکہ اعلامیہ جاری کرتے ہوئے عالمی برادری سے مطالبہ کیا ہے کہ آبادکاری کی غیر قانونی سرگرمیوں کو روکنے کے لیے مزید ٹھوس اور مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ آٹھ ممالک کے وزرائے خارجہ نے مقبوضہ فلسطینی علاقے میں قائم غیر قانونی اسرائیلی بستیوں سے درآمدات پر برطانیہ کی جانب سے عائد پابندی کا خیر مقدم کرتے ہوئے (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کو امریکہ کے کامیاب دورہ پر مسلم لیگ ن کے عہدیداران مبارکباد دے رہے ہیں

کوئٹہ، پارلیمانی سیکرٹری برائے قانون سیاحت وثقافت نوابزادہ میر محمد زرین خان مگسی سے مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں

استریٹ جرائم، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور شہریوں کی مشکلات سمیت مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

گورنر بلوچستان سے عاصم کرد گیلو اور زرک مندوخیل کی قیادت مختلف وفود کی ملاقات

مضافات میں عوام کو درپیش مسائل و مشکلات کے حل کو ترجیحی بنیادوں پر یقینی بنانے کیلئے اقدامات کیے جا رہے ہیں

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو اور رکن صوبائی اسمبلی زرک خان مندوخیل کی قیادت میں مختلف وفود کے نمائندوں نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ملاقات کی، جس میں کوئٹہ شہر اور اس کے مضافاتی علاقوں میں عوام کو درپیش مسائل، (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

ایس ایم ای اور زرعی فنانسنگ 2000، 2000 ارب روپے تک لے جانے کا ہدف

جامع منصوبہ، ہاؤسنگ، زرعی، ایس ایم ای اور الیکٹرک وہیکل قرضوں میں نمایاں پیش رفت

اسلام آباد (آن لائن) وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی زیر صدارت ایکسیس ٹو فنانس اسٹیئرنگ کمیٹی کا چوتھا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ملک میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں (ایس ایم ایز)، زرعی شعبے، ہاؤسنگ اور الیکٹرک وہیکلز سمیت مختلف شعبوں کے (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

قلات، قومی شاہراہ پر نامعلوم ملزمان کی جانب سے دھماکہ خیز مواد سے پل کو اڑا دیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) قلات کے علاقے میں قومی شاہراہ پر نامعلوم ملزمان کی جانب سے دھماکہ خیز مواد سے پل کو اڑا دیا گیا جس سے قریب سے گزرنے والی مسافر بس میں سوار (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

الیکشن کمیشن کا لیگل کیس اٹیسٹیشن ماڈیول لانچ کرنے کا فیصلہ

فیصلوں اور دستاویزات کی نقول کیلئے آن لائن درخواست کی سہولت

اسلام آباد (ان لائن) چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ نے لیگل کیس اٹیسٹیشن موڈیول سسٹم کی منظوری دیدی ہے۔ سسٹم کے نفاذ سے سائلین کیسز کی نقول آن لائن حاصل کرنے کا پراسس مکمل کر سکیں گے۔ جمعرات کو الیکشن کمیشن میں چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

محکمہ صحت بلوچستان کا اعلامیہ

کوئٹہ (آن لائن) محکمہ صحت حکومت بلوچستان کے جاری کردہ ایک اعلامیے کے مطابق محکمے کے اسسٹنٹ پروفیسر گائناکو (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

برآمدات میں تنوع اور معاشی تعلقات مضبوط بنانے کیلئے اقدامات تیز کرنے کی ہدایت، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار

پاکستانی برآمدات کے فروغ اور نئی منڈیوں تک رسائی کیلئے مربوط حکمت عملی اپنانے کا فیصلہ

مصنوعات کا معیار اور مسابقتی صلاحیت بہتر بنانے پر زور یورپی یونین میں جی ایس پی پلس مواقع سے زیادہ سے زیادہ استفادہ کیا جائے

اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار کی زیر صدارت تجارت اور برآمدات کے فروغ سے متعلق بین الوزارتی اجلاس میں پاکستانی مصنوعات کا معیار اور عالمی منڈی میں مسابقتی صلاحیت بہتر بنانے، نئی منڈیوں تک رسائی حاصل کرنے اور برآمدات میں تنوع پیدا کرنے پر زور دیا گیا۔ اجلاس میں برآمدات کے فروغ کے لیے پوری حکومت پر مشتمل مربوط حکمت عملی اپنانے کا فیصلہ کیا گیا (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

آبادی میں توازن کیلئے باخبر عملی اقدامات میں میڈیا کا کردار کے موضوع پر میڈیا کولیشن آن پاپولیشن کا اجلاس

جس میں ملک بھر کے قومی، صوبائی اور علاقائی ذرائع ابلاغ سے وابستہ 30 سے زائد صحافیوں نے شرکت کی

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) پاپولیشن کونسل نے یو این ایف پی اے کے تعاون سے "آبادی میں توازن کے لیے باخبر عملی اقدامات میں میڈیا کا کردار" کے موضوع پر میڈیا کولیشن آن پاپولیشن کا اجلاس منعقد کیا، جس میں ملک بھر کے قومی، صوبائی اور علاقائی ذرائع ابلاغ سے وابستہ 30 سے زائد صحافیوں نے شرکت کی۔ اجلاس میں نو تشکیل شدہ میڈیکل پاپولیشن کونسل کے کردار، خاندانی منصوبہ سازی تک غریب خواتین کی رسائی میں رکاوٹوں اور بہبود آبادی کے حوالے سے حکومتی حکمت عملی پر عمل درآمد کی نگرانی میں میڈیا کے کردار پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر پاپولیشن کونسل کے کنٹری ڈائریکٹر ڈاکٹر علی میر نے اپنے خیر مقدمی کلمات میں کہا کہ آبادی کا مسئلہ صر (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

پٹرولیم لیوی کے خاتمے پر حکومت اور جماعت اسلامی میں مذاکرات کا دوسرا دور، حکومت نے پیر تک مہلت مانگ لی

اسلام آباد (آن لائن) پٹرولیم لیوی کا خاتمہ۔ حکومت نے جماعت اسلامی سے مزید تین دنوں کی مہلت مانگ لی۔ پیٹرولیم مصنوعات پر لیوی کے خاتمے کے لیے جماعت اسلامی اور حکومت کے درمیان مذاکرات کا دوسرا دور جمعرات کو پنجاب ہاؤس میں منعقد ہوا۔ اس موقع پر جماعت اسلامی پاکستان کے نائب امیر (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

طالب علموں کا آئی کیو لیول کے لحاظ سے تربت، دشت، تمپ اور مند سمیت پورے خطے کے بچے ایک جیسے ذہین ہیں

کچھ لوگ سمجھتے ہیں کہ ترقی صرف ریت، بجری، سڑکوں اور عمارتوں کا نام ہے، ظہور بلیدی

ہمارے حلقے کے بچوں کی اس غیر معمولی کامیابی کی وجہ وہ سہولیات اور تعلیم پر کی گئی سرمایہ کاری ہے جو ہم نے ان کیلئے ممکن بنائی

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور بلیدی نے کہا ہے کہ کچھ لوگ سمجھتے ہیں کہ ترقی صرف ریت، بجری، سڑکوں اور عمارتوں کا نام ہے۔ لیکن ہمارا ایمان ہے کہ اصل ترقی وہ ہے جس کا براہ راست فائدہ انسانوں کو پہنچے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے ویڈیو بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ ہمارے علاقے میں طالب علموں کا آئی کیو (IQ) لیول کے لحاظ سے تربت، دشت، تمپ اور مند (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

پی ٹی آئی پارلیمانی پارٹی اجلاس میں پنجاب کے ارکان کے شکوے

27 ستمبر کی کال پر سوالات، لانگ مارچ اور اسٹریٹ موومنٹ کی حکمت عملی پر اختلافات

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف کی پارلیمانی پارٹی کے اجلاس کی اندرونی کہانی سامنے آگئی، جس میں پنجاب سے تعلق رکھنے والے ارکان نے لانگ مارچ اور (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

خضدار کے مضافاتی علاقے نواہ میں جاڑیوں میں پڑی ستارہ اٹھارہ سالہ ایک لڑکی کی لاش ملی

جسے پولیس نے لیکر خضدار ٹیچنگ ہسپتال کے شعبہ حادثات میں رکھی ہے

خضدار (آن لائن) خضدار کے مضافاتی علاقے نواہ میں جاڑیوں میں پڑی ستارہ اٹھارہ سالہ ایک لڑکی کی لاش ملی ہے، جسے پولیس نے لیکر خضدار ٹیچنگ ہسپتال کے شعبہ (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا اتار چڑھاؤ عالمی مارکیٹ سے جڑا ہے، علی پرویز ملک

قطر نے یقین دہانی کروائی ہے کہ حالات کی بہتری کے ساتھ ایل این جی سپلائی میں بھرپور تعاون کریگا

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک کا کہنا ہے کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا اتار چڑھاؤ عالمی مارکیٹ سے جڑا ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا ہے کہ قطر سے ایل این جی کا ایک کارگو کراچی پہنچا ہے۔ پرویز ملک کا کہنا ہے کہ قطر نے یقین دہانی کروائی ہے کہ حالات کی بہتری کے ساتھ ایل این جی سپلائی میں بھرپور تعاون کرے گا۔ دوسری جانب وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک وزیر اعظم شہباز شریف کو پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں پر بریف کریں گے۔ ذرائع کے مطابق پیٹرول اور ڈیزل پر لیوی کا معاملہ آئی ایم ایف پروگرام سے جڑا ہے۔

بی ایف اے کی فوڈ سیفٹی ٹیموں کا ناقص، ملاوٹی اور غیر معیاری خوراک کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر و چیئرمین بی ایف اے کی ہدایت پر بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی فوڈ سیفٹی ٹیموں کا ناقص، ملاوٹی اور غیر (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

علامہ محمد اقبال کے فکر و فلسفے کو فن کے ذریعے پیش کرنا ایک منفرد اور مؤثر کاوش ہے، اورنگزیب خان کھچی

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ وثقافت اورنگزیب خان کھچی نے کہا ہے کہ علامہ محمد اقبال کے فکر و فلسفے کو فن کے ذریعے پیش کرنا ایک منفرد اور مؤثر کاوش ہے (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

پی ٹی آئی بلوچستان کا اعلامیہ

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صدر داود شاہ کاکڑ کی (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

یونیورسٹی آف گوادر میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر کی ہدایات

گوادر (خ ن) یونیورسٹی آف گوادر میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر کی ہدایات پر تسیل نو کا تحفظ، تعمیر کردار سیرت النبی ﷺ کی روشنی میں کے عنوان سے 25 اگست (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

وزیراعظم شہباز شریف سے گیٹس فاؤنڈیشن کے اعلیٰ سطحی وفد ملاقات کر رہی ہے

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت اہم اجلاس

غیر ضروری تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی اور متعلقہ ادارے مقررہ اہداف کے مطابق پیش رفت یقینی بنائیں

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت اہم اجلاس میں کوئٹہ ماسٹر پلان پر مؤثر عملدرآمد، شہر میں قائم ڈیری فارمز کو شہری حدود سے باہر منتقل کرنے، پانی کے وسائل کے بہتر استعمال، بلڈنگ کوڈز پر عملدرآمد اور سرکاری ملازمین کے طبی معاوضے کے نظام کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں محکمہ شہری منصوبہ بندی و ترقی (UP&D)، ضلعی انتظامیہ اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ شہری حدود میں قائم ڈیری فارمز سے فضلہ جات کی تلفی، صفائی وحفظان صحت، انسانی وحیواناتی صحت، ٹریفک اور ماحولیاتی (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

شہباز شریف کی زیر صدارت اجلاس، تجارت میں رکاوٹیں ختم کرنے اور برآمدات بڑھانے کیلئے اہم اہداف مقرر

کارگو کلیئرنس تیز، نان ٹیرف رکاوٹیں ختم اور گرین چینل کا حصہ 65 فیصد کرنے کا ہدف، وزیراعظم نے ٹائم ریلیز آٹومیٹڈ سسٹم کی منظوری دے دی

پاکستان کو عالمی سپلائی چین کا مؤثر حصہ بنانے کا عزم، پری ارائیول کلیئرنس 30 فیصد اور مجاز اقتصادی آپریٹرز کی تعداد 50 سے زائد کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت ٹریڈ فیسلیٹیشن بورڈ کا پہلا اجلاس، تجارت میں آسانی، برآمدات کے فروغ اور کاروباری لاگت میں کمی کے لیے اہم اہداف مقرر۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ حکومت کاروباری برادری کو ہر ممکن سہولت فراہم کرنے اور ملک میں تجارت و کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کے لیے پرعزم ہے، تجارت کے فروغ اور کاروباری سرگرمیوں (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

وزیراعظم محمد شہباز شریف سے چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام کی ملاقات

پاکستان میں تکنیکی تعلیم اور ہاسپیٹلٹی سیکٹر کے فروغ سے متعلق اقدامات کا تفصیلی جائزہ

مہارت اور تربیت فراہم کر کے بین الاقوامی سطح پر روزگار کے زیادہ سے زیادہ مواقع تک رسائی فراہم کرنا ہے

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان کی ملاقات ہوئی۔ دوران ملاقات پاکستان میں تکنیکی تعلیم اور ہاسپیٹلٹی سیکٹر کے فروغ سے متعلق اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں پاکستانی نوجوانوں کے لیے بین الاقوامی روزگار کے مواقع بڑھانے اور انہیں عالمی مارکیٹ کے تقاضوں کے مطابق تیار (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

ڈیجیٹل و ورچوئل اثاثوں پر شریعہ ایڈوائزری بورڈ قائم کرنیکا فیصلہ

مفتی اعظم پاکستان سے رہنمائی حاصل کی جا رہی ہے پاکستان میں ڈیجیٹل اثاثہ جات کے 4 کروڑ صارفین کی گنجائش، بلال بن ثاقب

ڈیجیٹل ترسیلات زر کی لاگت 6.5 سے ایک فیصد کم کرنے کا ہدف، پاکستانیوں کو 41 کروڑ ڈالر تک بچت ہو سکتی ہے، وزیر مملکت ڈیجیٹل اثاثہ جات

اسلام آباد (آن لائن) وزیر مملکت برائے ڈیجیٹل اثاثہ جات اور چیئرمین پاکستان ورچوئل ایسٹ ریگولیٹری اتھارٹی بلال بن ثاقب نے کہا ہے کہ ڈیجیٹل اور ورچوئل اثاثوں کے حوالے سے مذہبی و شرعی رہنمائی کو بھی ریگولیٹری فریم ورک کا حصہ بنایا جا رہا ہے، اس مقصد کے لیے ڈیجیٹل اور ورچوئل اثاثوں پر شریعہ ایڈوائزری بورڈ قائم کیا جا رہا ہے۔ نیوز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے بلال بن ثاقب نے کہا کہ (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

ABC CERTIFIED
روزنامہ
تعمیر وطن
TAMEER-E-WATAN

شہریوں کو بنیادی سہولیات

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو اور رکن صوبائی اسمبلی زرک خان مندوخیل کی قیادت میں مختلف وفود کے نمائندوں نے گورنر ہاس کوئٹہ میں ملاقات کی، جس میں کوئٹہ شہر اور اس کے مضافاتی علاقوں میں عوام کو درپیش مسائل، بڑھتے ہوئے اسٹریٹ جرائم، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور شہریوں کی مشکلات سمیت مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ گورنر بلوچستان نے وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کوئٹہ ایک تیزی سے پھیلتا ہوا شہر ہے، اسلیے شہری آبادی میں اضافے کے ساتھ انتظامی، ٹریفک، صفائی، صحت، تعلیم، پانی، نکاسی آب اور اسٹریٹ کرائمز کے مسائل بھی بڑھ رہے ہیں۔ ان مسائل سے نمٹنے کیلئے تمام متعلقہ اداروں کے درمیان مربوط اور فعال رابطہ ضروری ہے۔ عوامی خدمت کا اصل معیار یہ ہے کہ عام شہری کو اپنے مسائل کے حل کیلئے غیر ضروری مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ حکومت، انتظامیہ، پولیس اور عوامی نمائندوں کو باہمی تعاون سے شہریوں کو بہتر ماحول اور بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانا ہوگی۔ کوئٹہ شہر اور اس کے مضافات میں عوام کو درپیش مسائل ومشکلات کے حل کو ترجیحی بنیادوں پر یقینی بنانے کیلئے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی، سڑکوں، صحت وصفائی، نکاسی آب، بجلی، پانی اور دیگر عوامی مسائل کے حل کیلئے متعلقہ اداروں کو اپنی ذمہ داریاں مزید موثر انداز میں ادا کرنا ہونگی۔ انہوں نے کہا کہ بڑھتے ہوئے اسٹریٹ کرائمز پر قابو پانے کیلئے ٹھوس اور موثر اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ شہریوں کے جان ومال کا تحفظ حکومت اور متعلقہ اداروں کی بنیادی ذمہ داری ہے، اسلیے پولیس اور انتظامیہ کو جدید تقاضوں کے مطابق اپنی کارکردگی مزید بہتر بنانا ہوگی۔ جرائم کی روک تھام کے ساتھ ساتھ شہریوں میں احساسِ تحفظ پیدا کرنا بھی ناگزیر ہے۔ گورنر نے کہا کہ منتخب عوامی نمائندے محض دفاتر تک محدود رہنے کی بجائے وقتاً فوقتاً اپنے حلقوں اور مختلف علاقوں کا دورہ کرکے عوام سے براہ راست رابطہ اور ان کے مسائل سنیں۔ عوام اور منتخب نمائندوں کے درمیان براہ راست رابطہ جمہوری نظام کو مضبوط بنانے کے ساتھ مسائل ومشکلات کے بروقت حل میں بھی معاون ثابت ہوتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ منتخب نمائندوں پر زور دیا کہ وہ عوامی مسائل متعلقہ محکموں اور اداروں کے سامنے موثر انداز میں اٹھانے کے ساتھ ساتھ ان کے پائیدار حل پر فالو اپ وزٹ بھی کریں تاکہ مسائل صرف شکایات اور یقین دہانیوں تک محدود نہ رہیں بلکہ عملی طور پر حل ہوں۔

بقیہ 01

منصوبہ بندی میر ظہور احمد بلیدی، وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سمیت تمام محکموں کے انتظامی سیکرٹریز نے شرکت کی، اجلاس میں وزیراعلیٰ بلوچستان نے محکمہ جنگلات میں بھرتیوں کے حوالے سے موصول

نامعلوم مسلح افراد نے پولیس چوکی پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں ایک اہلکار کانسٹیبل عزت اللہ شہید اور کانسٹیبل نصیب اللہ زخمی ہوگیا پولیس کی جوابی کارروائی پر حملہ آور فرار ہوگئے واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور سیکورٹی فورسز کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی علاقے کو گھیرے میں لیکر نعش اور زخمی کو

تلاش گمشدگی

میری میٹرو پولیٹن کارپوریشن کی سروس بک بنام شیلا بی بی زوجہ عمران وارث شاہ زمان روڈ پر کہیں گر گئی ہے جسے ملے اس نمبر پر رابطہ کرے۔ موبائل نمبر 03148147526 المشتہر۔فراز خان

بقیہ 01

پاکستان میں جمہوریت کے استحکام اور آئین و پارلیمان کی بالادستی کے لیے جمعیت علماء اسلام نے روز اول سے تاریخی کردار ادا کیا ہے، مفتی محمود سے لے کر آج قائد جمعیت مولانا فضل الرحمن تک جے یو آئی نے ہر دور میں جمہوری حقوق کے تحفظ کے لیے مختلف تحریکوں کی قیادت کی اور آمریت و غیر جمہوری قوتوں کے سامنے کلمہ حق بلند کیا۔ آج بھی پاکستان کا جمہوری مقدمہ قائد جمعیت مولانا فضل الرحمن کی قیادت میں پوری قوت کے ساتھ لڑا جا رہا ہے اور ملک میں جمہوری و غیر جمہوری قوتوں کے درمیان کشمکش جاری ہے، جمعیت علماء اسلام ہر دور کی طرح آج بھی عوام، آئین، پارلیمان اور جمہور کے ساتھ کھڑی ہے اور ہمیشہ جمہور کے پلڑے میں اپنا وزن ڈالے گی۔ مولانا عبدالواسع نے کہا کہ ملک میں موجود سیاسی بے یقینی، اضطراب اور تشویش کا خاتمہ اسی وقت ممکن ہے جب عوام کے حقیقی مینڈیٹ کو تسلیم کرتے ہوئے شفاف، آزاد اور منصفانہ انتخابات کرائے جائیں، کیونکہ عوامی اعتماد کے بغیر کوئی بھی سیاسی نظام دیرپا استحکام حاصل نہیں کر سکتا۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام نے جمہوریت، آئین کی بالادستی، پارلیمانی نظام اور عوام کے حق حکمرانی کے لیے بے شمار قربانیاں دی ہیں، ہمارے اکابرین نے قید و بند کی صعوبتیں برداشت کیں، کارکنوں نے مشکلات جھیلیں اور جمہوری جدوجہد کی بھاری قیمت ادا کی، لیکن جمعیت علماء اسلام اپنے اصولی موقف اور جمہوری جدوجہد سے کبھی دستبردار نہیں ہوگی؛ ہمارا راستہ آئین، پارلیمان، جمہور اور عوامی مینڈیٹ کا راستہ ہے اور ہم ہر حال میں اسی راستے پر ثابت قدم رہیں گے۔

بقیہ 02

کردار، اسکولوں میں دستیاب سہولیات، طلبہ و اساتذہ کو درپیش مسائل، تعلیمی ماحول کی بہتری اور اسکولوں کے انتظامی معاملات سمیت مختلف امور پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی نے کہا کہ ضلع چمن میں معیاری تعلیم کے فروغ اور سرکاری اسکولوں میں تعلیمی ماحول کو مزید بہتر بنانے کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو اپنی ذمہ داریاں مؤثر انداز میں ادا کرنا ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ والدین، اساتذہ اور اسکول مینجمنٹ کمیٹیوں کے درمیان مؤثر رابطہ تعلیمی نظام کی بہتری میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ اسکولوں سے متعلق مسائل کی نشاندہی کر کے ان کے حل کے لیے عملی اقدامات اٹھائے جائیں اور Parent Teacher School Management Committees کو فعال بنا کر تعلیمی اداروں کی بہتری کے عمل میں والدین اور مقامی کمیونٹی کی شمولیت کو یقینی بنایا جائے۔ اجلاس میں متعلقہ محکموں کے افسران، Project Management Unit (PMU) کے نمائندگان اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کے اختتام پر تعلیمی نظام کو مزید مؤثر، شفاف اور فعال بنانے کے لیے باہمی تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔

بقیہ 03

سیکرٹریٹ کے سکندر جمالی آڈیٹوریم میں اریگیشن ڈیپارٹمنٹ کے ترقی پانے والے ملازمین کو آرڈرز فراہم کیے جانے کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر تقریب کے دیگر شرکا میں محکمہ آبپاشی کے افسران و اہلکاروں کے علاوہ کلرک یونین کے عہدیداران و دیگر لوگ کثیر تعداد میں موجود تھے۔ تقریب سے خطاب میں صوبائی وزیر نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان اور صوبائی حکومت بے روزگاری کے خاتمے کو اپنی اولین ترجیح سمجھتی ہے، میر محمد صادق عمرانی نے کہا کہ انہیں وزارت کی ذمہ داری جب ملی تو انہوں نے لواحقین کوٹے کے تحت التوا کا شکار کیس پر کام شروع کروا کے اسی جگہ ایک پروقار تقریب میں 117 بیوہ، یتیم لواحقین کو تعیناتی کے آرڈرز فراہم کیے، انہوں نے کہا کہ کسی ضرورت مند حقدار کو نوکری یا ترقی کے آرڈرز دینا میرے لیے ایک اعزاز کی بات ہے اور اس نیک کام سے مجھے جو خوشی مل رہی ہے وہ میں بیان نہیں کر سکتا۔ میر محمد صادق عمرانی نے ترقی پانے والے ملازمین کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ اپنے فرائض منصبی کو ایمانداری سے انجام دیتے ہوئے محکمے اور صوبے کی ترقی کیلئے اپنا کردار ادا کریں گے، اس موقع پر تقریب سے محکمے کے افسران و دیگر نے خطاب کرتے ہوئے ترقی پانے والے ملازمین کو مبارکباد پیش کی، انہوں نے کہا کہ صوبائی وزیر میر محمد صادق عمرانی اور سیکرٹری آبپاشی سہیل الرحمان بلوچ اور ان کی ٹیم کی بہترین کاوشوں کے نتیجے میں محکمہ ترقی کے منازل طے کر رہا ہے، انہوں نے کہا کہ سینکڑوں حقدار ملازمین کو ترقی کے آرڈرز ملنے سے پورے محکمے میں خوشی کی لہر دوڑ اٹھی ہے، انہوں نے امید ظاہر کی کہ ترقی پانے والے ملازمین مزید جانفشانی سے اپنے فرائض منصبی انجام دینے کیلئے کوئی کسر اٹھا نہیں رکھیں گے۔

بقیہ 04

مسئلہ سنگین نوعیت کا ہے، جن افراد کے شناختی کارڈ بلاک ہیں ان کی مکمل تصدیق کے بعد انہیں ان کا حق دلایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ نادرا اور سیکیورٹی ادارے مشترکہ طور پر ان کیسز کی جانچ پڑتال کو یقینی بنائیں تاکہ کوئی بھی حقدار شناختی کارڈ سے محروم نہ رہے جبکہ کسی غیر متعلقہ فرد کو شناختی کارڈ جاری نہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ بلاک شناختی کارڈ کی وجہ سے عوام کو شدید مشکلات درپیش ہیں، شناختی کارڈ کے بغیر نہ روزگار ملتا ہے اور نہ ہی سرکاری سہولیات، اس لیے اس مسئلے کا حل اولین ترجیح ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ وہ بلاک شناختی کارڈ کیسز کو میرٹ پر فوری نمٹائیں اور حتمی رپورٹ پیش کریں تاکہ مستحق افراد کو جلد ریلیف دیا جا سکے۔

بقیہ 05

، رعایت لاگو نہیں ہوگی، ترجمان بلوچستان حکومت کے مطابق عمر میں مزید کسی قسم کی رعایت نہیں دی جائے گی، عمر کی نئی رعایت نوٹیفکیشن کی تاریخ سے تین سال تک مؤثر رہے گی۔

بقیہ 06

اشیائے خورد و نوش کے نئے سرکاری نرخ باہمی مشاورت سے مقرر کیے گئے۔ اسسٹنٹ کمشنر نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ سرکاری نرخ نامے پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے اور تمام دکاندار نرخ نامہ نمایاں جگہ پر آویزاں کریں۔ انہوں نے واضح کیا کہ گرانفروشی اور ناجائز منافع خوری کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی اور خلاف ورزی پر قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اس موقع پر تاجروں نے بازار میں چوری، بدامنی اور سیکیورٹی سے متعلق اپنے تحفظات سے بھی آگاہ کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے مسائل کے حل اور بازار میں مؤثر نگرانی یقینی بنانے کی یقین دہانی کرائی۔

بقیہ 07

کوئٹہ سے رابطہ کیا اور متعلقہ محکمے کی تاخیر اور عدم توجہی کے خلاف درخواست دائر کی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کر دی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ لہٰذا وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کو فوری طور پر میرج گرانٹ کی ادائیگی کی جائے۔ احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کو میرج گرانٹ کی مد میں 50 ہزار کا چیک جاری کر دیا۔ اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 08

لوں میں بچے ٹاٹ پر بیٹھ کر تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ اس حوالے سے وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے سکولوں میں ٹاٹ کلچر ختم کرتے ہوئے تین ماہ میں اسکولوں کو ڈیسک مہیا کرنے کے اعلان کیا تھا تاہم اس پر اب تک عملدرآمد نہیں ہو سکا ہے۔

بقیہ 09

مختلف علاقوں میں آٹے کی مقررہ نرخ سے زائد قیمت پر فروخت کے خلاف کارروائی کی گئی۔ کارروائی کے دوران آٹا ڈیلرز، ریٹیلرز اور مختلف دکانوں کا معائنہ کیا گیا اور سرکاری نرخ ناموں کی جانچ کی گئی۔ مقررہ نرخ سے زائد قیمت پر آٹا فروخت کرنے اور سرکاری نرخ نامے کی خلاف ورزی پر 11 افراد کو گرفتار کر لیا گیا۔ ضلعی انتظامیہ نے تمام تاجروں کو ہدایت کی کہ سرکاری نرخ نامہ نمایاں جگہ پر آویزاں کریں اور آٹا سمیت تمام اشیائے ضروریہ مقررہ نرخوں پر فروخت کریں۔ انتظامیہ نے واضح کیا کہ عوامی شکایات کی روشنی میں ناجائز منافع خوری، مصنوعی مہنگائی اور صارفین کے استحصال کے خلاف کارروائیاں بلاامتیاز جاری رہیں گی۔

بقیہ 10

کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ بریفنگ میں معذور افراد کی رجسٹریشن اور فلاحی معاونت، کمیک پروگرام، ڈرگ ڈیٹوکسیفیکیشن اینڈ ری ہیبلیٹیشن سینٹر، ویمن ووکیشنل ٹریننگ سینٹر، معذوری سرٹیفکیٹس کے اجرا، میڈیکل اسیسمنٹ بورڈ اور دیگر سماجی بہبود کی سرگرمیوں کے بارے میں آگاہ کیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر بلیدہ نے ڈپٹی ڈائریکٹر کے ہمراہ دفتر کے مختلف شعبہ جات کا دورہ کیا اور محکمہ کی جانب سے عوام کو فراہم کی جانے والی سہولیات، ریکارڈ کی دیکھ بھال اور جاری فلاحی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے محکمہ سوشل ویلفیئر کی کارکردگی اور عوامی فلاح کے لیے جاری اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ معاشرے کے کمزور اور مستحق طبقات کی خدمت ایک اہم ذمہ داری ہے اور اس سلسلے میں محکمہ کی کاوشیں قابل تعریف ہیں۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر امتیاز بخش نے محکمہ کو درپیش مختلف انتظامی اور بنیادی نوعیت کے مسائل، وسائل کی کمی، اداروں کی ضروریات اور دیگر امور سے متعلق اسسٹنٹ کمشنر بلیدہ کو آگاہ کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر بلیدہ ابوبکر میر دادی نے مسائل کو غور سے سنا اور یقین دہانی کرائی کہ وہ ڈپٹی کمشنر کیچ کے ساتھ اس حوالے سے ملاقات کر کے محکمہ سوشل ویلفیئر کے مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن کوشش کریں گے۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ ضلعی انتظامیہ اور محکمہ سوشل ویلفیئر کے درمیان باہمی تعاون کو مزید مضبوط بنایا جائے تاکہ عوام، بالخصوص معذور افراد، خواتین، بچوں اور دیگر مستحق طبقات کو بہتر سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ دورے کے اختتام پر اسسٹنٹ کمشنر نے محکمہ سوشل ویلفیئر کی عوامی خدمت کے لیے جاری کوششوں کو سراہتے ہوئے مستقبل میں بھی مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

بقیہ 11

کا دفاع کیا جا سکتا ہے، پاک بھارت جنگ ہو یا کوئی بھی معاشی مسئلہ چین نے ہر فورم پر ہمیشہ پاکستان کا بھرپور ساتھ دیا ہے۔ مسلم دنیا اور چین، تزویراتی صورتحال کے موضوع پر نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا کہ چین کے نظام میں رہتے ہوئے مسلمان اپنے عقائد اور نظریات پر قائم رہ سکتے ہیں، مسلمانوں کو نظام کا حصہ بن کر اپنی کمیونٹی کے حقوق اور نمائندگی کے لیے کردار ادا کرنا چاہیے۔ مولانا عبدالغفور حیدری کا کہنا تھا کہ چین کے مسلمانوں کو انتخابی نظام میں حصہ لے کر اپنی نمائندگی یقینی بنانی چاہیے، جبکہ پاکستان کے چین کے ساتھ دوستانہ تعلقات ہمیشہ ہماری ترجیح رہے ہیں۔ مولانا عبدالغفور حیدری کا کہنا تھا کہ سنکیانگ اور ارومچی میں تقریباً ساٹھ فیصد مسلمان رہتے ہیں، چین کے مختلف علاقوں میں مسلمانوں کی مذہبی زندگی کا مشاہدہ کیا، مساجد میں نماز اور قرآن کی تلاوت کرتے دیکھا۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم سنتے ہیں کہ وہاں ظلم اور جبر ہوتا ہے، تاہم ہتھیار اٹھانے والوں کو ہر ریاست سختی سے کچلتی ہے، ہر ملک کے اندرونی معاملات میں ہم کچھ کہہ بھی نہیں سکتے، ہماری خواہش ہو سکتی ہے کہ حالات بہتر ہونے چاہئیں۔ مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا کہ قائد جمعیت نے چین کے مسلمانوں کو وہاں کے نظام کا حصہ بننے کا پیغام دیا، مسلمان اپنے عقائد اور نظریات پر قائم رہتے ہوئے نظام کا حصہ بن کر اپنے حقوق کا دفاع کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مسلمانوں کو انتخابی نظام میں حصہ لے کر اپنی نمائندگی یقینی بنانی چاہیے، مسلسل جنگ کے بجائے نظام کا حصہ بن کر اپنے عقائد اور حقوق کا دفاع کیا جا سکتا ہے۔ مولانا عبدالغفور حیدری کا کہنا تھا کہ چین کے ساتھ پاکستان کے اچھے تعلقات ہمیشہ ہماری ترجیح رہے ہیں، ہمارے اکابرین نے پاک چین دوستی کے لیے ہمیشہ کردار ادا کیا، سی پیک میں بھی جمعیت علمائے اسلام کا کردار رہا ہے۔ ان کے مطابق سی پیک کا بنیادی تصور قائد جمعیت نے چینی قیادت کے سامنے پیش کیا تھا، جو بعد میں کئی سال کے دوران باقاعدہ منصوبے کی شکل اختیار کر گیا۔ دوسری جانب مولانا ڈاکٹر تنویر احمد علوی نے کہا کہ پاک چین تعلقات ہمالیہ سے بلند، سمندر سے گہرے اور فولاد سے مضبوط ہیں، دونوں ممالک نے ہر مشکل وقت میں ایک دوسرے کا ساتھ دیا ہے۔

بقیہ 12

کہا کہ ایسے نازک حالات میں بلوچستان کی تمام قومی، جمہوری اور سیاسی قوتوں پر یہ تاریخی ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ ذاتی و جماعتی اختلافات سے بالاتر ہو کر وسیع تر قومی اتحاد اور یکجہتی کا مظاہرہ کریں تاکہ بلوچستان کے عوام کے سیاسی، قومی، معاشی اور جمہوری حقوق کا مؤثر انداز میں دفاع کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں خواتین، بچوں، نوجوانوں اور بزرگوں کی گرفتاریاں، جبری گمشدگیاں، اظہار رائے پر قدغن، سیاسی کارکنوں کے خلاف مقدمات اور عدالتوں کے ذریعے سزاؤں کا سلسلہ انتہائی تشویشناک ہے۔ لاپتہ افراد کی بازیابی کے لیے پرامن جدوجہد کرنے والوں پر طاقت کا استعمال، خواتین اور بچوں پر تشدد اور سیاسی آوازوں کو دبانے کی کوششیں بنیادی انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیاں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوانوں کو تعلیم، روزگار اور ترقی کے مواقع فراہم کرنے کے بجائے طاقت اور جبر کی پالیسی اختیار کی جا رہی ہے، جس سے احساس محرومی، بے چینی اور عدم اعتماد میں اضافہ ہو رہا ہے۔ حقیقی سیاسی قوتوں پر دباؤ ڈال کر بلوچستان کے بنیادی مسائل سے توجہ ہٹانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ خطے میں پیدا ہونے والی کشیدگی، خصوصاً ایران اور امریکہ کے درمیان سیاسی تناؤ کے معاشی اور سیاسی اثرات بلوچستان پر بھی مرتب ہو رہے ہیں، جس سے پہلے سے مشکلات کا شکار عوام مزید مسائل سے دوچار ہو گئے ہیں۔ ایسے حالات میں تمام سیاسی قوتوں کو مشترکہ قومی حکمت عملی اختیار کرنی چاہیے۔ اگر ماضی میں شہید نواب اکبر بگٹی کی جانب سے قومی یکجہتی کے پلیٹ فارم کی تجویز پر سنجیدگی سے عمل کیا جاتا تو شاید بلوچستان آج اس سنگین صورتحال سے دوچار نہ ہوتا۔ آج ہماری جدوجہد صرف سیاسی یا معاشی حقوق تک محدود نہیں بلکہ قومی بقا، شناخت، تاریخ، ثقافت، ساحل وسائل، واحق و اختیار اور اپنی سرزمین پر باوقار زندگی کے حق کے تحفظ کی جدوجہد بن چکی ہے۔ انہوں نے بلوچستان کی تمام سیاسی، سماجی، قومی اور جمہوری قوتوں سے اپیل کی کہ وہ ایک نکاتی قومی ایجنڈے پر اتفاق رائے پیدا کرتے ہوئے وسیع تر قومی اتحاد قائم کریں تاکہ بلوچستان کو درپیش سیاسی، معاشی اور انسانی بحران کا مشترکہ طور پر مقابلہ کیا جا سکے۔ آخر میں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے وسائل، قومی تشخص، جمہوری اقدار اور انسانی حقوق کے تحفظ کے لیے اجتماعی جدوجہد ہی وقت کی اہم ضرورت ہے، اور اسی راستے سے بلوچستان کے عوام اپنے آئینی، جمہوری اور بنیادی انسانی حقوق حاصل کر سکتے ہیں۔

بقیہ 13

و معتبرین کا نام نکالا جائے۔ اپنے جاری کردہ بیان میں عبدالشکور مری نے کہا کہ بلوچستان ایک قبائلی صوبہ ہے یہاں پر بسنے والی تمام اقوام، قبائل کی ایک اپنی حیثیت پہچان اور شناخت ہے اور یہ ایک دوسرے کے غم، خوشی میں شریک رہے ہیں اس سے قبل بھی مری اور لونی قبائل کے درمیان قبائلی تنازعہ کو حکومت نے بڑی تگ و دو کے بعد حل کرایا تھا اور دونوں اقوام اپنے اپنے علاقوں میں پرامن طور پر آباد ہیں گزشتہ دنوں دکی کے علاقے تل بختیار آباد میں دھماکے میں 3 بھائیوں کی ہلاکت کو بنیاد بنا کر مری قبیلے سے تعلق رکھنے والے معتبرین، معززین اور پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما و وڈیرہ شیرین خان پوادی مری اور جنگل خان پوادی مری کے خلاف بے بنیاد اور جھوٹ پر مبنی مقدمہ درج کرایا گیا ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے وہ کم ہے بیان میں کہا کہ وقوعہ کے وقت اور روز وہ وہاں پر بھی موجود ہی نہیں تھے انہیں بے بنیاد مقدمے میں نامزد کر کے ان کے لئے مشکلات پیدا کرنے کی ناکام کوشش کی جا رہی ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے وہ کم ہے اس لئے اس مقدمے سے ان کا نام خارج کروا کر ایک بار پھر قبائلی تنازعہ کو ہوا نہ دی جائے اور برادر اقوام کو اپنے اپنے علاقوں میں پر امن طور پر رہنے دیا جائے تاکہ علاقے کا امن تہہ و بالا نہ ہو۔

بقیہ 14

صدر منتخب ہوئے ہیں، ایک افسوسناک، غیر مناسب اور قابل تشویش اقدام ہے۔ پی ایم اے ایک جمہوری اور نمائندہ پلیٹ فارم ہے، جس کے عہدیداران کا انتخاب ایک باقاعدہ جمہوری عمل کے ذریعے ہوتا ہے۔ کسی ڈاکٹر کا اپنی نمائندہ تنظیم کا عہدہ سنبھالنا اس کے سرکاری فرائض یا پیشہ ورانہ کردار کے خلاف نہیں۔ ترجمان نے کہا کہ ایسے اقدامات سے نہ صرف طبی برادری میں بے چینی پیدا ہوتی ہے بلکہ حکومت اور ڈاکٹرز کے درمیان اعتماد کی فضا بھی متاثر ہوتی ہے۔ بلوچستان کا شعبہ صحت پہلے ہی متعدد انتظامی، مالی اور بنیادی مسائل کا سامنا کر رہا ہے، ایسے وقت میں ڈاکٹرز کو دباؤ میں لانے کے بجائے ان کے ساتھ مشاورت اور باہمی احترام کا راستہ اختیار کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ پی ایم اے کوئٹہ زون حکومت بلوچستان سے مطالبہ کرتی ہے کہ ڈاکٹر نعیم زرکون کے خلاف جاری کیے گئے احکامات پر فوری نظرثانی کرتے ہوئے انہیں واپس لیا جائے اور طبی برادری کے تحفظات کو سنجیدگی سے سنا جائے۔ ترجمان نے مزید کہا کہ پی ایم اے کوئٹہ زون ڈاکٹرز کے جائز حقوق، عزت، وقار اور نمائندگی کے جمہوری حق کے تحفظ کے لیے ہر آئینی، قانونی اور جمہوری فورم پر اپنی آواز بلند کرتی رہے گی۔ حکومت سے بھی مطالبہ ہے کہ معاملات کو مزید کشیدہ کرنے کے بجائے مذاکرات، افہام و تفہیم اور باہمی احترام کے ذریعے حل کیا جائے۔

بقیہ 15

اجلاس میں بی ایس کمپیوٹر سائنس (AI)، بی ایس کمپیوٹر سائنس (IT)، بی ایس انفارمیشن ٹیکنالوجی اور بی ایس ڈیٹا سائنس کے اپ ڈیٹ شدہ کورس کیٹلاگز اور اسکیمز آف اسٹڈیز کا جائزہ لیا گیا، جبکہ نظرثانی شدہ نصاب اور کورس کوڈز کو اکیڈمک کونسل کے سامنے پیش کرنے کی سفارش کی گئی۔ بورڈ نے Artificial Intelligence and Data Innovation Research Lab (AIDIRL) اور علیحدہ ہارڈویئر لیبارٹری کے قیام کی تجویز بھی دی، تاکہ IoT، AI، روبوٹکس اور ایمبیڈڈ سسٹمز میں تحقیق اور عملی تربیت کو فروغ دیا جا سکے۔ اجلاس میں 56 کمپیوٹنگ کورسز کے لیبارٹری مواد کا بھی جائزہ لیا گیا، جن میں مشین لرننگ، ڈیپ لرننگ، جنریٹو AI، LLMs، NLP، کمپیوٹر وژن، ڈیٹا سائنس، سائبر سیکیورٹی اور کلاؤڈ کمپیوٹنگ جیسے جدید شعبے شامل ہیں اجلاس میں جامعہ گوادر اور دیگر جامعات کے ماہرین تعلیم سمیت متعلقہ شعبوں کے ماہرین نے شرکت کی۔

بقیہ 16

مختلف علاقوں میں سرعام فحاشی، عریانی اور بے حیائی کو فروغ دینے والے عناصر کا سرگرم ہونا انتہائی تشویشناک ہے۔ شہر کے مختلف علاقوں میں ایسے عناصر کی آزادانہ نقل و حرکت نہ صرف معاشرتی اقدار اور اسلامی تہذیب کے منافی ہے بلکہ اس کے نوجوان نسل پر انتہائی منفی اور خطرناک اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اور انتظامیہ کی موجودگی میں اس نوعیت کی سرگرمیوں کا جاری رہنا انتظامیہ کی غفلت اور عدم توجہی کی عکاسی کرتا ہے۔ اگر فحاشی اور عریانی پھیلانے والے عناصر کے خلاف عملی کارروائی کی جاتی تو انہیں سرعام اور بلاخوف ایسی سرگرمیاں جاری رکھنے کی جرات نہ ہوتی۔ انتظامیہ کی خاموشی اور عدم توجہی نے ایسے عناصر کو مزید حوصلہ دیا ہے جس کے نتیجے میں شہر کا معاشرتی ماحول متاثر اور نوجوان نسل اخلاقی زوال کی جانب دھکیلی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ انتظامیہ اپنی ذمہ داری سے چشم پوشی ترک کرتے ہوئے فوری طور پر ایسے عناصر کے خلاف قانون کے مطابق بلاامتیاز کارروائی کرے۔ عوام اپنے شہر میں امن، پاکیزہ ماحول اور باوقار معاشرتی زندگی چاہتے ہیں، نہ کہ ایسی سرگرمیاں جو نئی نسل کے اخلاق و کردار کو متاثر کرنے کا باعث بنیں۔ جمعیت علماء اسلام کے رہنماؤں نے واضح کیا کہ فحاشی، عریانی اور بے حیائی کے فروغ پر خاموشی اختیار نہیں کی جائے گی۔ اگر انتظامیہ نے عملی اور مؤثر اقدامات نہ کیے تو جمعیت علماء اسلام احتجاجی لائحہ عمل اختیار کرنے پر مجبور ہوگی۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ کوئٹہ کے مختلف علاقوں اور شاہراہوں پر شام کے بعد ہونے والی مبینہ غیر اخلاقی سرگرمیوں کا فوری نوٹس لیتے ہوئے قانون کے مطابق مؤثر کارروائی کی جائے اور شہر کے معاشرتی ماحول کو خراب کرنے والے عناصر کا سدباب کیا جائے۔

بقیہ 17

ری کاشف امر نے سریاب کے مختلف علاقوں میں قائم تندوروں کا اچانک معائنہ کیا۔ معائنے کے دوران اسسٹنٹ کمشنر نے مختلف تندوروں پر نان کے مقررہ وزن، سرکاری نرخنامے اور عوام کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انتظامیہ کی جانب سے تندور مالکان کو ہدایت کی گئی کہ وہ سرکاری نرخنامے کے مطابق نان فروخت کریں اور مقررہ وزن میں کسی قسم کی کمی نہ کی جائے۔ کارروائی کے دوران بعض تندوروں پر مقررہ وزن سے کم نان فروخت کیے جانے کی نشاندہی ہوئی، جس پر انتظامیہ نے فوری کارروائی کرتے ہوئے 5 افراد کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار افراد کے خلاف ضابطے کے مطابق قانونی کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر بروری کاشف امر نے تندور مالکان کو واضح ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو مقررہ نرخ اور وزن کے مطابق نان کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری نرخنامے کی خلاف ورزی، کم وزن نان کی فروخت یا صارفین سے مقررہ قیمت سے زائد وصولی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 18

معہ نعیمیہ گزشتہ 70 سال سے دینی تعلیم کے فروغ میں نمایاں کردار ادا کر رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بزم نعیمیہ کے زیر اہتمام دارالعلوم جامعہ نعیمیہ میں منعقدہ سالانہ ختم نبوت کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ کانفرنس سے چیئرمین متحدہ علماء بورڈ پنجاب مفتی انتخاب احمد نوری، مفتی محمد عمران حنفی و دیگر رہنماؤں نے بھی خطاب کیا۔ کانفرنس میں مولانا محمد محبوب احمد چشتی، مولانا غلام مرتضیٰ نقشبندی، مولانا محمد علی نقشبندی، مفتی محمد مدنی سید زین العابدین شاہ، قاری محمد ذوالفقار احمد، مولانا مسعود احمد سیالوی، مولانا محمد فیضان سعید، مولانا ابوہریرہ سمیت علماء کرام، مشائخ عظام، دینی اساتذہ اور طلبہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ چیئرمین متحدہ علماء بورڈ پنجاب مفتی انتخاب احمد نوری نے کہا کہ عقیدہ ختم نبوت کے حوالے سے عوام میں شعور و آگاہی اجاگر کرنے کیلئے علماء کرام اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔ ختم نبوت کے عقیدے کا تحفظ دینی و ملی ذمہ داری ہے اور اس حوالے سے کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی کی گنجائش نہیں۔ مفتی محمد عمران حنفی نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عقیدہ ختم نبوت اسلام کے بنیادی اور قطعی عقائد میں شامل ہے، اس کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔ عقیدہ ختم نبوت کا تحفظ ہر مسلمان کے ایمان کا اہم تقاضا ہے، جبکہ علماء و مشائخ پر اس حوالے سے خصوصی ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔۔۔

بقیہ 19

گئے۔ کمیٹی نے اس بات پر زور دیا کہ ہائر ایجوکیشن کمیشن کی گائیڈ لائنز کی روشنی میں شعبہ اکنامکس میں پی ایچ ڈی پروگرام شروع کرنے کے لیے اقدامات تیز کیے جائیں، تاکہ جامعہ تربت کو اعلیٰ اور معیاری تحقیقی سرگرمیوں کے لیے اس خطے کا سب سے بڑا مرکز بنایا جا سکے۔ کمیٹی نے ایم ایس اکنامکس کے اسکالرز کی جانب سے جمع کردہ تحقیقی عنوانات کا تفصیلی جائزہ لیا اور سپروائزر اور کو سپروائزر کی تقرری کی منظوری دی، تاہم کمیٹی نے فیصلہ کیا کہ تحقیقی عنوانات میں مزید بہتری لانے کے بعد ہی ان کی باضابطہ منظوری دی جائے گی، تاکہ تحقیقی معیار کو مزید بلند کیا جا سکے۔ تحقیقی نظم و ضبط کو یقینی بنانے کے لیے کمیٹی نے ایم ایس، ایم فل اور پی ایچ ڈی اسکالرز کی ریسرچ ورکشاپس اور سیمینارز میں شرکا کی حاضری کو لازمی قرار دیا۔ اس کے علاوہ ہر اسکالر کی ریسرچ فائل بنانے اور اسے باقاعدگی سے اپ ڈیٹ رکھنے پر بھی زور دیا گیا۔ اجلاس میں گریجویٹ اسٹڈیز کے ڈائریکٹر ڈاکٹر وسیم برکت، شعبہ اکنامکس کے اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر عبدالقیوم، شعبہ بزنس ایڈمنسٹریشن کے اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر بدل خان اور پروگرام کوآرڈینیٹر امیر بخش نے بھی شرکت کی۔ اس موقع پر اپنے پیغام میں وائس چانسلر ڈاکٹر گل حسن نے یونیورسٹی کے آئینی اداروں کے اجلاسوں کے بروقت انعقاد کو سراہتے ہوئے کہا کہ اس سے جامعہ تربت کو قومی سطح پر تحقیق و تعلیم کے میدان میں جدید تحقیق کا مرکز بنانے میں مدد ملے گی۔ جامعہ تربت کے ترجمان کے مطابق، وائس چانسلر نے مزید کہا کہ یونیورسٹی نے اپنے اسٹریٹجک پلان 2030 کے تحت ایک سازگار تحقیقی ماحول کی فراہمی کا عزم کر رکھا ہے، تاکہ ملک اور بیرون ملک سے محققین معیاری تحقیق کے لیے جامعہ تربت کا رخ کریں۔

بقیہ 20

مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ بی آئی آئی کے وفد کی قیادت ادارے کے مینیجنگ ڈائریکٹر اور ہیڈ آف ایشیا سری نی ناگراجن نے کی۔ ملاقات کے دوران وفد نے پاکستان کے توانائی شعبے میں طویل المدتی شراکت داری میں گہری دلچسپی کا اظہار کرتے ہوئے بالخصوص پاکستان کے ٹرانسمیشن سیکٹر میں سرمایہ کاری کے دستیاب مواقع کا جائزہ لینے کی خواہش ظاہر کی۔ ملاقات میں بتایا گیا کہ برٹش انٹرنیشنل انویسٹمنٹ پاکستان میں پہلے ہی تقریباً 600 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کر رہا ہے۔ بی آئی آئی کی جانب سے توانائی کے شعبے میں مزید سرمایہ کاری اور طویل المدتی شراکت داری میں دلچسپی کو پاکستان کے توانائی کے بنیادی ڈھانچے میں عالمی سرمایہ کاری کے لیے اہم پیش رفت قرار دیا گیا۔ وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد خان لغاری نے وفد کو حکومت کی جانب سے توانائی کے شعبے میں جاری اصلاحات اور مستقبل کی منصوبہ بندی سے آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے آئندہ آٹھ سے دس سال کے لیے توانائی کا ایک جامع فریم ورک تیار کیا ہے، جس کے تحت ملک کی توانائی کی ضروریات، پیداوار، ترسیل اور تقسیم کے نظام کو مستقبل کے تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جائے گا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ انٹیگریٹڈ سسٹم پلان کے ذریعے ملک کی توانائی کی مستقبل کی ضروریات کا تعین ممکن ہوگا۔ مربوط اور طویل المدتی منصوبہ بندی کے نتیجے میں توانائی کے شعبے میں سرمایہ کاروں کو ایک مستحکم، شفاف اور پیشین گوئی کے قابل ماحول فراہم کیا جا سکے گا، جس سے ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاری کو فروغ ملے گا۔ سردار اویس لغاری نے کہا کہ حکومت کی اولین ترجیح یہ ہے کہ توانائی کے منصوبوں کا مالی بوجھ صارفین پر کم سے کم رکھا جائے۔ حکومت توانائی کے شعبے میں ایسے منصوبوں اور سرمایہ کاری ماڈلز کو ترجیح دے رہی ہے جن کے نتیجے میں نظام کی کارکردگی بہتر ہو، سرمایہ کاری کا مؤثر استعمال یقینی بنایا جائے اور صارفین پر اضافی مالی دباؤ نہ پڑے۔ انہوں نے کہا کہ غیر ملکی سرمایہ کاری کے ساتھ ساتھ مقامی پیداوار کے فروغ کو بھی ترجیح دی جا رہی ہے تاکہ توانائی کے شعبے میں مقامی صنعت اور ٹیکنالوجی کو فروغ دیا جا سکے، روزگار کے مواقع پیدا ہوں اور پاکستان بیرونی وسائل پر انحصار کم کرتے ہوئے اپنے توانائی کے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنا سکے۔ وفاقی وزیر نے بتایا کہ نیشنل گرڈ کی مستقبل کی ضروریات پوری کرنے کے لیے مقامی مالیاتی منڈیوں سے وسائل متحرک کرنے کے امکانات کا بھی جائزہ لیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قومی گرڈ کی توسیع، اس کی استعداد میں اضافے اور بجلی کی مؤثر ترسیل کے لیے بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کے مواقع موجود ہیں۔ سردار اویس لغاری نے کہا کہ ملک میں قابل تجدید توانائی سمیت بجلی کی پیداوار کے نئے ذرائع میں اضافے کے ساتھ قومی گرڈ کو بھی مستقبل کے تقاضوں کے مطابق وسعت دینا ہوگی۔ اس سلسلے میں ٹرانسمیشن انفراسٹرکچر کی مضبوطی اور جدید کاری انتہائی اہمیت کی حامل ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ مستقبل میں قومی گرڈ پر بڑے پیمانے پر بیٹری انرجی اسٹوریج سسٹمز کی ضرورت ہوگی۔ توانائی ذخیرہ کرنے کے جدید نظام بجلی کی طلب و رسد میں توازن پیدا کرنے، قابل تجدید توانائی کے بہتر استعمال اور گرڈ کے استحکام میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بیٹری انرجی اسٹوریج سسٹمز کے شعبے میں بین الاقوامی سرمایہ کاری کا اہم کردار ہوگا اور حکومت اس حوالے سے عالمی سرمایہ کاروں اور اداروں کے تعاون کا خیر مقدم کرے گی۔ توانائی ذخیرہ کرنے کی ٹیکنالوجی میں سرمایہ کاری سے بجلی کے نظام کو زیادہ لچکدار اور قابل اعتماد بنانے میں مدد ملے گی۔ وفاقی وزیر توانائی نے مزید بتایا کہ حکومت قومی گرڈ کی ڈیجیٹلائزیشن کے عمل کو تیز کر رہی ہے اور ایڈوانسڈ میٹرنگ انفراسٹرکچر (AMI) سمارٹ میٹرز کی تنصیب پر بھی کام جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ جدید ڈیجیٹل نظام سے بجلی کے شعبے میں نگرانی، ڈیٹا کے استعمال، طلب کے تخمینے اور نظام کی مجموعی کارکردگی کو بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔ سردار اویس لغاری نے کہا کہ حکومت ٹرانسمیشن منصوبوں میں نجی شعبے کی سرمایہ کاری اور بین الاقوامی تعاون کا خیر مقدم کرے گی۔ توانائی کے بنیادی ڈھانچے کی ضروریات پوری کرنے کے لیے سرکاری وسائل کے ساتھ ساتھ نجی اور غیر ملکی سرمایہ کاری کو بھی متحرک کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت سرمایہ کاروں کے لیے قابل اعتماد اور شفاف سرمایہ کاری ماحول فراہم کرنے کے لیے اصلاحات کر رہی ہے۔ توانائی کے شعبے میں پالیسی اور منصوبہ بندی کے عمل کو زیادہ مربوط اور شفاف بنا کر سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافہ کیا جا رہا ہے۔ ملاقات کے دوران بی آئی آئی کے وفد نے پاکستان کے توانائی کے شعبے میں جاری اصلاحات اور مستقبل کی منصوبہ بندی کو سراہا اور ٹرانسمیشن انفراسٹرکچر، توانائی ذخیرہ کرنے اور دیگر متعلقہ شعبوں میں سرمایہ کاری کے امکانات پر مزید تعاون اور رابطے جاری رکھنے میں دلچسپی کا اظہار کیا۔ ملاقات میں اس امر پر اتفاق کیا گیا کہ پاکستان کے توانائی کے شعبے میں موجود سرمایہ کاری کے مواقع سے فائدہ اٹھانے کے لیے حکومت اور بین الاقوامی سرمایہ کاروں کے درمیان تعاون کو مزید فروغ دیا جائے گا

بقیہ 21

درمیان آئل گر گیا تھا جو صبح تا ایک بجے تک کئی گھنٹوں تک سڑک پر پڑا رہا۔ آئل کے باعث پانچ موٹر سائیکل سوار پھسل کر گر پڑے جبکہ ایک پک اپ گاڑی بھی پھسلنے کے بعد سائیڈ پر کھڑے ٹریکٹر سے جا ٹکرائی۔ گاڑی کے مالک نے بتایا کہ تربت بازار سے ایئرپورٹ روڈ ایک مصروف اور اہم شاہراہ ہے جہاں سے لوگ تمپ، مند، یونیورسٹی، دشت، گوادر اور کراچی کی جانب سفر کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اتنی مصروف شاہراہ پر کراس کے قریب گھنٹوں تک ٹریکٹر کا کھڑا رہنا اور سڑک پر گرے ہوئے آئل کی فوری صفائی نہ ہونا متعلقہ اہلکاروں کی غیر ذمہ داری ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ان کی گاڑی کی مالیت کم از کم 25 لاکھ روپے ہے جبکہ ان کا بیٹا بھی حادثے میں معمولی زخمی ہوا ہے۔ پیٹرولنگ پولیس اہلکار نے بتایا کہ پولیس اہلکار اس روٹ پر دن رات گشت کرتے ہیں اور واقعے سے تھوڑی دیر قبل بھی یہاں سے گزرے تھے۔ انہوں نے کہا کہ مسئلہ یہ ہے کہ شہری کسی بھی واقعے یا مسئلے کی صورت میں فوری طور پر پولیس تھانے کو اطلاع نہیں دیتے اور انتظار کرتے رہتے ہیں۔ پولیس اہلکار کے مطابق واقعے کی اطلاع تاخیر سے ملی۔ تاہم اطلاع ملتے ہی پولیس کی گشتی ٹیم اور تھانے سے ٹیم فوری طور پر موقع پر پہنچ گئی ٹریکٹر ڈرائیور کو گرفتار کر کے سڑک کا ایک رہ بند کر دیا اور تحقیقات شروع کر دی گئیں۔ گرفتار ڈرائیور کو حوالات میں بند کر دیا تھا بعد ازاں دونوں فریقین کے درمیان صلح ہونے پر ٹریکٹر ڈرائیور کو رہا کر دیا گیا۔

بقیہ 22

کرا کر ضروری قانونی کارروائی کے بعد والدہ کے حوالے کر دیا۔ ایس ڈی پی او سید عظمت حسین شاہ گیلانی نے میڈیا ہاؤس پشین کے نمائندوں کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ مغوی بچے کو تین ہفتے قبل مبینہ طور پر اغوا کیا گیا جس کے بعد مغوی بچے کی والدہ نے واقع سے متعلق متعلقہ تھانے میں اطلاعی رپورٹ درج کرائی بعد ازاں ایس ایچ او چوہدری اورلیس نے اپنی مدعیت میں مقدمہ درج کر کے تحقیقات شروع کر دی گزشتہ روز پشین پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے کوئٹہ سنٹرل روڈ سے مغوی بچے کو باحفاظت بازیاب کرا کر ملزمان کی تلاش شروع کر دی۔ مغوی بچے کی بازیابی پر والدہ نے متعلقہ تھانے کی کارروائی پر اطمینان کا اظہار کیا۔

بقیہ 23

تسلی بخش یقین دہانی کرائی ہے۔ ترجمان نے امید ظاہر کی کہ ان شاء اللہ آئندہ کا لائحہ عمل بھی مثبت اور بہتر ہوگا اور تفتان میں پھنسے ٹرانسپورٹرز کی گاڑیوں کو جلد از جلد آزادانہ نقل و حرکت کی اجازت مل جائے گی۔

بقیہ 24

صلاح الدین سلفی کی صدارت میں تربت پریس کلب تربت کی جنرل کونسل کا اہم اجلاس بروز بدھ تربت پریس کلب آڈیٹوریم میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں جنرل سیکرٹری نور شاہ نور نے 2 سالہ کارکردگی رپورٹ پیش کی جس میں کہا گیا کہ 9 ستمبر 2024 کو تربت پریس کلب کے ممبران نے موجودہ کابینہ پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے اسے منتخب کیا، کابینہ نے اپنی ذمہ داریاں سنبھالنے کے بعد پریس کلب کے جملہ معاملات کی بہتری، ادارے کی ترقی اور صحافیوں کی فلاح و بہبود کے لیے شب و روز یکسوئی کے ساتھ کام کیا، الحمدللہ بیشتر معاملات میں کابینہ کو کامیابی حاصل ہوئی، تاہم چند بنیادی معاملات ایسے ہیں جنہیں پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لیے کوششیں تاحال جاری ہیں، جن میں سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان، رکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کے ایم پی اے فنڈز سے 3 کروڑ روپے کی لاگت سے نئی بلڈنگ تکمیل کے مراحل میں ہے، اس کے علاوہ تربت پریس کلب کی درخواست پر سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کے حکم پر میسرز تربت بلخ شیر قاضی نے خستہ حال اسمبلی ہال تربت پریس کلب کے حوالے کیا، جس کی مرمت، تزئین و آرائش اور بحالی کا کام پی ایس ڈی پی فنڈز سے ایک کروڑ 25 لاکھ روپے کی لاگت سے مکمل کر لی گئی ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے جاری کردہ 50 لاکھ روپے کی خصوصی گرانٹ سے تربت پریس کلب سے وابستہ صحافیوں کے میڈیا ایکوپمنٹس کی خریداری، سینیٹر جان محمد بلیدی نے تربت پریس کلب کی درخواست پر 40 لاکھ روپے کی لاگت سے جدید ڈیجیٹل اسٹوڈیو کی تعمیر کے لیے فنڈز منظور کرائے ہیں جس کا ٹینڈر پراسس مکمل ہو چکا ہے، سابق ڈپٹی کمشنر کیچ اسماعیل ابراہیم کی جانب سے صحافیوں کی استعداد کار میں اضافے کے لیے کراچی میں دو روزہ تربیتی ورکشاپ اور آل پاکستان اسٹڈی ٹور کا اہتمام، ڈسٹرکٹ کونسل کیچ کے چیئرمین میر ہوتمان بلوچ اور ڈپٹی چیئرمین میر ہاجد جمیل دشتی کی جانب سے نئی عمارت کی سولرائزیشن کے منصوبے کی منظوری، میونسپل کارپوریشن تربت کے میئر بلخ شیر قاضی کی جانب سے تربت پریس کلب کی درخواست پر نئی عمارت کے پریس کانفرنس ہال کے لیے فرنیچر کی منظوری، اس کے علاوہ جرنلسٹ ہاؤسنگ اسکیم اور ماڈل پریس کلب بلڈنگ کی منظوری کیلئے کوششیں کی گئیں جو تاحال بوجوہ نتیجہ خیز ثابت نہیں ہو سکی ہیں تاہم اس حوالے سے کاوشیں جاری ہیں جبکہ صحافیوں کی فلاح و بہبود کیلئے دیگر اقدامات اٹھائے گئے ہیں، جنرل کونسل نے دو سالہ کارکردگی پر بھرپور اطمینان کا اظہار کیا اور کابینہ بالخصوص صدر حافظ صلاح الدین سلفی کی کاوشوں کو خراج تحسین پیش کی گئی، اجلاس میں اتفاق رائے سے 4 نئے ممبران سرفراز شاہ، زاہد حسین، الطاف بلوچ اور امجد مراد کی ممبرشپ کی منظوری دی گئی جبکہ گہرام اسلم، یلان زامرانی، مبارک علی اور منصور احمد کو اعزازی ممبرشپ دی گئی۔ اجلاس میں فنانس سیکرٹری مقبول ناصر نے دو سالہ مالیاتی رپورٹ پیش کی جس کی جنرل کونسل نے منظوری دی اور توثیق کی، اجلاس میں کابینہ کی دو سالہ آئینی مدت پوری ہونے پر کابینہ تحلیل کر دی گئی اور ایک تین رکنی انتظامی کمیٹی تشکیل دی گئی جو نئی کابینہ کے چناؤ تک معاملات کو سنبھالے گی۔ کمیٹی ممبران طارق مسعود، ماجد صمد اور پھلان خان ہوں گے۔ اجلاس میں صدر حافظ صلاح الدین سلفی، نائب صدر ارشاد اختر، جنرل سیکرٹری نور شاہ نور، جوائنٹ سیکرٹری ایاز اسلم، فنانس سیکرٹری مقبول ناصر، ممبران طارق مسعود، ماجد صمد اور پھلان خان شریک تھے۔

بقیہ 25

لیس مس حنانے ڈائریکٹر نیب) بلوچستان (محمد سلیم احمد، ڈپٹی ڈائریکٹر فرحان یوسف خان اور ان کی ٹیم کا استقبال کیا۔ اس تقریب کا بنیادی مقصد نوجوانوں کو بدعنوانی کے مضر اثرات سے آگاہ کرنا اور کرپشن سے پاک معاشرے کی تشکیل کے لیے مشترکہ کوششوں کو فروغ دینا تھا۔ تقریب میں اساتذہ اور طلبا نے شرکت کی۔ تقریب کے دوران ایک تقریری مقابلے کا بھی اہتمام کیا گیا جس میں مختلف کلاسوں کے طلبا نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا اور بدعنوانی کی لعنت کے خلاف اپنے افکار پیش کیے۔ ڈائریکٹر نیب محمد سلیم احمد نے طلبا کے خیالات کو سراہا اور ان میں تحائف تقسیم کیے۔ ڈپٹی ڈائریکٹر نیب بلوچستان جناب فرحان یوسف خان نے شرکا کو اپنے آگاہی لیکچر کے دوران نیب کے طریقہ کار، وژن، مشن اور کارکردگی کے بارے میں تفصیل سے بیان کیا۔ ڈائریکٹر نیب محمد سلیم احمد نے طلبا سے گفتگو کرتے ہوئے کرپشن کے خاتمے میں ان کے اہم کردار کو اجاگر کیا۔ انہوں نے اسلامی تعلیمات کی روشنی میں خود احتسابی پر زور دیا اور کہا کہ اسلام میں بدعنوانی اور بددیانتی کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ انہوں نے اقربا پروری، رشوت، سفارش، زور زبردستی اور جانبداری کو کرپشن کی اقسام کے طور پر گردانا اور اس بات پر افسوس کا اظہار کیا گیا کہ یہ رویے ہمارے معاشرے میں معمول بن چکے ہیں۔ اپنے بیان کے اختتام پر انہوں نے اساتذہ اور طلبا کی جانب سے پوچھے گئے سوالات کے تفصیلی جوابات دیے۔ علاوہ ازیں، انہوں نے سامعین میں بیٹھے طلبا کو ترغیب دی کہ وہ اپنے الفاظ میں بدعنوانی کے خلاف اپنی نفرت کا اظہار کریں اور ان کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے انہیں تحائف دیے۔ اس موقع پر سٹی سکول، کوئٹہ کینٹ کی ہیڈ مسٹریس حنانے نیب بلوچستان کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ معاشرے کے اہم رکن ہونے کے ناطے طلبا کی مشترکہ کوششیں کرپشن سے پاک معاشرے کی بنیاد رکھنے میں کلیدی کردار ادا کر سکتی ہیں۔ پروگرام کے اختتام پر ایک آگاہی واک کا اہتمام کیا گیا۔ ڈائریکٹر نیب (بلوچستان) نے نیب کی جانب سے سٹی سکول کی ہیڈ مسٹریس کو یادگاری شیلڈ پیش کی، اور تقریب دونوں جانب سے باہمی تشکر اور اظہار ممنونیت کے ساتھ اختتام پذیر ہوئی۔

بقیہ 26

کے زور پر برکت عمرانی سے کار گاڑی چھین کر فرار ہو گئے جس پر کار مالکان نے ڈاکوؤں کا پیچھا کیا گوٹھ دھیانی میں ڈاکوؤں اور کار مالکان جتک عمرانی برادری کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا ڈاکو گاڑی چھوڑ کر فرار ہو گئے واقع کے خلاف جتک عمرانی برادری نے پولیس تھانہ کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا اکبر احمد عمرانی محمد خان جتک نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کار ڈکیتی کی اطلاع پولیس کو دی لیکن ایس ایچ او اور ہمارے ساتھ کوئی تعاون نہیں کیا پولیس امن و امان قائم کرنے میں ناکام ہو چکی ہے کوئی بھی شہری اور تاجر برادری محفوظ نہیں ہے آج ہم نے اپنی مدد آپ کے تحت گاڑی برآمد کی پولیس کا کوئی کردار نہیں ہے انہوں نے کہا کہ پولیس جرائم پیشہ عناصر کے ساتھ ملی ہوئی ہے اور سارا دن بھتہ خوری میں مصروف ہے مظاہرین نے پولیس کے اعلیٰ حکام سے شہر میں امن کی صورت حال بحال کرنے اور واقع میں ملوث ملزمان کی گرفتاری کا مطالبہ کر دیا

بقیہ 27

ہے کہ بلوچستان کے طلبہ عبداللہ، عبدالرحمن اور عبدالرحیم نے ایک تاریخی اعزاز اپنے نام کیا ہے۔ انہوں نے 1947 سے 2026 تک پاکستانی عسکری فورسز سے متعلق جاری ہونے والے تمام ڈاک ٹکٹ اور پوسٹل اسٹیمپس کو ایک جگہ جمع کیا ہے جو اس سے پہلے کبھی اکٹھی نہیں کی گئی تھیں۔ متروک سمجھے جانے والے اس مشغلہ کو ان طلبہ نے از سر نو زندہ کر دیا ہے جو بلوچستان اور اس سکول کیلئے قابل تحسین اقدام ہے۔ طلبہ نے اس کامیابی کو اپنے والدین، سکول کے پرنسپل اور اساتذہ کی رہنمائی اور حوصلہ افزائی کا نتیجہ قرار دیا ہے جن سے تعلیمی اداروں میں رہنمائی کی اہمیت بھی نمایاں ہو کر سامنے آئی ہے۔

بقیہ 28

خان مری، وڈیرہ وزیر خان مری، وڈیرہ شیرین مری اور وڈیرہ جنگل مری کے خلاف درج ایف آئی آر سے لونی اور مری قبائل کے درمیان پہلے سے موجود تنازع مزید شدت اختیار کر سکتا ہے، جو علاقے کے امن و امان اور قبائلی ہم آہنگی کے لیے نقصان دہ ثابت ہو سکتا ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ معاملے کی غیر جانبدارانہ اور شفاف تحقیقات کی جائیں اور بے گناہ افراد کو کسی بھی قسم کی ناانصافی یا انتقامی کارروائی کا نشانہ نہ بنایا جائے۔

بقیہ 29

کے لیے متعلقہ اداروں کے ساتھ جلد مشترکہ اجلاس منعقد کیا جائے گا۔ وہ تربت پریس کلب کے دورے کے موقع پر صحافیوں سے گفتگو کر رہے تھے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے پریس کلب کی نئی آڈیٹوریم کا معائنہ کیا اور پی ایس ڈی پی پروگرام کے تحت آڈیٹوریم کی تزئین و آرائش اور جدید سہولیات کی فراہمی کو صحافتی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے اہم پیش رفت قرار دیا۔ انہوں نے نئی آڈیٹوریم کو بلوچستان کی جدید اور خوبصورت آڈیٹوریمز میں شمار کرتے ہوئے کہا کہ ایسی سہولیات صحافیوں کو بہتر ماحول میں پیشہ ورانہ ذمہ داریاں ادا کرنے میں معاون ثابت ہوں گی۔ ڈپٹی کمشنر کیچ نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کے سربراہ کی حیثیت سے ان کی کوشش ہوگی کہ تربت پریس کلب کو مزید فعال بنانے اور صحافیوں کو آزاد، سازگار اور بہتر ماحول فراہم کرنے کے لیے ممکنہ اقدامات کیے جائیں۔ ایرانی بارڈر کی بندش سے متعلق سوال پر انہوں نے بتایا کہ بارڈر کی بحالی کے حوالے سے آئی جی ایف سی بلوچستان ساؤتھ کے ساتھ متعدد نشستیں ہو چکی ہیں اور ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ضروری تیاریاں مکمل ہیں، تاہم ایران میں جاری جنگ کے باعث بعض تکنیکی رکاوٹیں درپیش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ رکاوٹیں دور ہوتے ہی آئی جی ایف سی بلوچستان ساؤتھ ضلعی انتظامیہ سے مشاورت کے بعد بارڈر کھولنے کا اعلان کرے گی۔ یوتھ رائزنگ اسکیم کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ یہ پروگرام مقامی لوگوں کی آمدنی میں اضافے اور معاشی استحکام کے لیے اہم اقدام ہے اور تربت میں بھی اس کا آغاز کیا جا چکا ہے، تاہم عوام بالخصوص نوجوانوں میں اس حوالے سے مناسب آگاہی نہ ہونے کے باعث وہ اس سے بھرپور استفادہ نہیں کر پا رہے۔ انہوں نے میڈیا سے اپیل کی کہ یوتھ رائزنگ اسکیم سمیت ضلعی انتظامیہ کے مختلف منصوبوں اور پروگراموں کے بارے میں عوامی آگاہی کو فروغ دیا جائے تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ دستیاب مواقع سے فائدہ اٹھا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ مختلف ترقیاتی منصوبوں پر کام کر رہی ہے اور ان منصوبوں کے حوالے سے میڈیا کو مؤثر انداز میں انگیج کیا جائے گا۔ سینما چوک میں ٹریفک کے مسائل سے متعلق انہوں نے کہا کہ سڑک کی توسیع اور ٹریفک کی روانی بہتر بنانے کے لیے اقدامات جاری ہیں۔ سڑک کے فرنٹ پر قائم دکانوں کے متبادل کے طور پر نئی دکانیں تیار کر لی گئی ہیں، جنہیں جلد منتقل کیا جائے گا، جس کے بعد سڑک کو کشادہ کر کے ٹریفک کا انتظام بہتر بنایا جائے گا۔ اس موقع پر تربت پریس کلب کے صدر حافظ صلاح الدین سلفی نے ڈپٹی کمشنر کا خیر مقدم کرتے ہوئے پریس کلب کی عمارت، صحافیوں کی فلاح و بہبود اور رہائشی کالونی سمیت صحافتی برادری کو درپیش مسائل سے آگاہ کیا۔ پریس کلب کی عمارت سے متعلق صدر پریس کلب نے بتایا کہ عمارت اس وقت انڈسٹریز ڈیپارٹمنٹ کی تحویل میں ہے، جس پر ڈپٹی کمشنر نے یقین دہانی کرائی کہ انڈسٹریز ڈیپارٹمنٹ اور تربت پریس کلب کے درمیان مشترکہ اجلاس منعقد کر کے معاملے کی مکمل معلومات حاصل کی جائیں گی اور عمارت کی واپسی کے لیے متعلقہ حکام سے بات کی جائے گی۔ انہوں نے صحافیوں کی فلاح و بہبود کے منصوبے کی تجویز سے اتفاق کرتے ہوئے مشترکہ لائحہ عمل تشکیل دینے جبکہ صحافیوں کی رہائشی کالونی کے حوالے سے زمین کی الاٹمنٹ میں رکاوٹ اور تاخیر کی وجوہات معلوم کر کے معاملہ متعلقہ محکموں اور صوبائی سطح پر اٹھانے کی یقین دہانی کرائی۔ دورے کے دوران صحافیوں اور ضلعی انتظامیہ کے درمیان مختلف عوامی، انتظامی اور صحافتی امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 30

کی قیمتوں اور ناپ تول کے عمل کی نگرانی مزید مؤثر بنائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ شہر میں قائم تجاوزات کے خاتمے کیلئے بھی کارروائی جاری رہے گی، عوامی گزرگاہوں اور سڑکوں پر غیر قانونی تجاوزات قائم کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ اسسٹنٹ کمشنر مجیب الرحمن ساتکزئی نے کہا کہ عوام کو کسی بھی دکاندار کی جانب سے زائد قیمت وصول کرنے، سرکاری نرخنامے کی خلاف ورزی یا ناپ تول میں کمی کی شکایت ہو تو وہ براہ راست انتظامیہ سے رابطہ کریں۔ عوام اپنی جائز شکایات کے ازالے کیلئے میرے دفتر آ سکتے ہیں، انتظامیہ عوام کی شکایات پر فوری کارروائی کرے گی۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ عوام انتظامیہ کے ساتھ تعاون کریں اور خلاف ورزیوں کی نشاندہی کریں تاکہ ناجائز منافع خوری اور تجاوزات کے خلاف مؤثر کارروائی کو یقینی بنایا جا سکے۔

بقیہ 31

نے مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر کے مدعی کے حوالے کر دیے۔ تھانہ خالق شہید کے عملے نے سیچر کفایت اللہ کو گرفتار کر کے موٹر سائیکل، پسٹل بمعہ راؤنڈ برآمد کر لئے۔ دوسری کارروائی ملزم ذکریا سے پسٹل بمعہ راؤنڈ برآمد کئے اس کے علاوہ اشتہاری ملزمان بلال احمد، عبدل محمد کو گرفتار کیا۔ زرغون آباد پولیس نے نیک محمد اور یحییٰ کو گرفتار کر کے مسروقہ موبائل، 50 ہزار روپے برآمد کئے۔ سیٹلائٹ ٹاؤن پولیس نے ملزم فیصل کے قبضے سے پسٹل بمعہ راؤنڈ برآمد کئے جبکہ مغویہ مسماۃ (ہانیہ گل) کو بازیاب کرا کر ملزم واحد کو گرفتار کر لیا۔ سول لائن پولیس نے نامزد ملزمان شفیق کو گرفتار کر کے پسٹل بمعہ راؤنڈ برآمد کر لئے۔ تھانہ شہید امیر محمد دستی کے عملے نے احمد نواز کو کرایہ داری ایکٹ میں گرفتار کر لیا اور 12 افغان باشندوں کو گرفتار کر کے ڈی سی آفس کے حوالے کیا۔ شالکوٹ پولیس نے ملزم سلیم احمد سے پسٹل میگزین بمعہ راؤنڈ برآمد کر لئے ایک اور کارروائی میں پولیس نے روپوش ملزم تقی کو گرفتار کر لیا اس کے علاوہ امتیاز سے پسٹل بمعہ راؤنڈ برآمد کر لئے۔ نیو سریاب پولیس نے مفرور ملزم ور محمد اور سلیم احمد سے اسلحہ بمعہ راؤنڈ برآمد کر لیا جبکہ 2 ملزمان شاہ زیب اور علی احمد کے قبضے سے 20 ہزار چوری کے برآمد کئے شالکوٹ پولیس نے مفرور ملزم عمر کو گرفتار کر لیا پشتون آباد پولیس نے خلیل اللہ کو گرفتار کر کے پسٹل بمعہ راؤنڈ برآمد کر لئے۔ صدر پولیس نے رحمت علی سے پسٹل بمعہ راؤنڈ جبکہ تین نامزد ملزمان داد محمد، عبدالجبار اور سمیع اللہ کو گرفتار کر لیا اور تمام گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر کے ان کے خلاف کارروائی شروع کر دی۔

بقیہ 32

مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اسسٹنٹ کمشنر مجیب الرحمن ساتکزئی نے کہا کہ سرکاری نرخنامے پر عملدرآمد نہ کرنے والے دکانداروں کو جیل بھیجا جائے گا، جبکہ ناپ تول میں کمی کرنے والے افراد کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ انتظامیہ کی جانب سے بازاروں میں نرخنامے کی پابندی، اشیائے ضروریہ کی قیمتوں اور ناپ تول کے عمل کی نگرانی مزید مؤثر بنائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ شہر میں قائم تجاوزات کے خاتمے کیلئے بھی کارروائی جاری رہے گی، عوامی گزرگاہوں اور سڑکوں پر غیر قانونی تجاوزات قائم کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ اسسٹنٹ کمشنر مجیب الرحمن ساتکزئی نے کہا کہ عوام کو کسی بھی دکاندار کی جانب سے زائد قیمت وصول کرنے، سرکاری نرخنامے کی خلاف ورزی یا ناپ تول میں کمی کی شکایت ہو تو وہ براہ راست انتظامیہ سے رابطہ کریں۔ عوام اپنی جائز شکایات کے ازالے کیلئے میرے دفتر آ سکتے ہیں، انتظامیہ عوام کی شکایات پر فوری کارروائی کرے گی۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ عوام انتظامیہ کے ساتھ تعاون کریں اور خلاف ورزیوں کی نشاندہی کریں تاکہ ناجائز منافع خوری اور تجاوزات کے خلاف مؤثر کارروائی کو یقینی بنایا جا سکے۔

بقیہ 33

موٹر سائیکل برآمد کر لی پولیس کے مطابق گزشتہ شب تمبو کے علاقے میں پولیس نے فائرنگ کے تبادلے کے بعد 2 مبینہ ڈاکو رزاق اور عبدالنبی کو گرفتار کر کے مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر کے کارروائی شروع کر دی۔

بقیہ 34

ین تورزئی کی سربراہی میں قائم ڈویژنل کمیٹی کے ذریعے مختلف محکموں میں برسوں سے خالی پڑی آسامیوں کو میرٹ کی بنیاد پر پر کیا گیا جس کے باعث متعلقہ شعبوں کی کارکردگی میں نمایاں بہتری آئی ہے اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کا عمل بہتر ہوا ہے محکمہ صحت میں 296 ڈاکٹرز، فارماسسٹ اور ڈینٹل سرجنز کی تعیناتی عمل میں لائی گئی، جس سے ڈویژن کے مختلف علاقوں میں طبی سہولیات کی فراہمی اور صحت عامہ کی خدمات میں بہتری آئی ہے محکمہ تعلیم میں بھی گزشتہ ایک سال کے دوران چار مراحل میں 2054 مرد و خواتین اساتذہ کو میرٹ کی بنیاد پر تعینات کیا گیا۔ کمشنر اور ڈپٹی کمشنرز کی نگرانی میں محکمہ تعلیم کی پالیسی پر عمل درآمد کے نتیجے میں ڈویژن کے 560 ایسے اسکول دوبارہ فعال ہو گئے جو اساتذہ کی عدم دستیابی کے باعث بند تھے محکمہ ریونیو میں بھی سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو کی خصوصی ہدایات پر اہم پیش رفت ہوئی۔ 66 ملازمین کو مستقل بنیادوں پر جبکہ 87 پٹواریوں کو عارضی بنیادوں پر تعینات کیا گیا ہے۔ ان تقرریوں میں ایسے امیدوار بھی شامل ہیں جو طویل عرصے سے میرٹ پر اپنی تقرری کے منتظر تھے تقریباً تین دہائیوں سے پٹواری کی تقرری کے منتظر امیدوار عبدالجبار اور محمد صدیق کو بھی بالآخر میرٹ کی بنیاد پر تقرری کے احکامات جاری کیے گئے عبدالجبار نے اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ مایوس ہو کر گھر بیٹھ گئے تھے، تاہم امید کی کرن کبھی نہ کبھی ضرور روشن ہوتی ہے۔ انہوں نے میرٹ کی بنیاد پر تقرریوں کے احکامات جاری کرنے والے اعلیٰ حکام کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا محمد صدیق نے کہا کہ انہوں نے 1992 میں پٹوار کا کورس مکمل کیا تھا اور طویل عرصے تک مختلف سرکاری دفاتر کے چکر لگاتے رہے، تاہم اب وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری شکیل قادر خان اور کمشنر آفس کی کاوشوں سے انہیں میرٹ کے مطابق تقرری کا حکم نامہ جاری کیا گیا ہے انہوں نے کہا کہ انہیں فون کر کے دفتر بلایا گیا اور تقرری کا حکم نامہ حوالے کیا گیا جو ان کے لیے طویل انتظار کے بعد بڑی خوشی کا باعث ہے حکام کے مطابق نصیر آباد ڈویژن میں ہونے والی یہ تمام تقرریاں اعلیٰ حکام کی ہدایات پر شفافیت، میرٹ اور قواعد و ضوابط کو یقینی بناتے ہوئے مکمل کی گئی ہیں ان اقدامات کا بنیادی مقصد سرکاری اداروں میں خالی آسامیوں کو پر کر کے عوام کو صحت، تعلیم اور ریونیو سمیت بنیادی سرکاری خدمات کی بہتر فراہمی یقینی بنانا ہے۔

بقیہ 35

کر دیا، جبکہ متعلقہ دکاندار پر جرمانہ بھی عائد کیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے دکاندار کو سخت تنبیہ کرتے ہوئے کہا کہ عوام کی صحت سے کھیلنے اور مضر صحت گوشت فروخت کرنے کی کسی صورت اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ آئندہ ایسی خلاف ورزی کی صورت میں ذمہ دار افراد کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اسسٹنٹ کمشنر نے کہا کہ عوام کو معیاری اور صحت بخش گوشت کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے چیکنگ کا سلسلہ جاری رہے گا۔ انتظامیہ کی جانب سے واضح کیا گیا کہ مضر صحت یا غیر معیاری گوشت فروخت کرنے والوں کے ساتھ کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی۔

بقیہ 36

عوامی پارٹی نے کہا کہ پاکستان اور افغانستان کے عوام کے درمیان صدیوں پر محیط تاریخی، جغرافیائی، ثقافتی، لسانی اور انسانی رشتے موجود ہیں، جنہیں وقتی سیاسی کشیدگی یا سفارتی اختلافات کی بنیاد پر تعلیمی اداروں میں زیر تعلیم طلبہ کے مستقبل کی قیمت پر متاثر نہیں کیا جانا چاہیے۔ پارٹی نے کہا کہ افغان طلبہ نے قانونی طریقے سے پاکستان کے میڈیکل اور ڈینٹل کالجوں میں داخلہ لیا، فیس اور دیگر تعلیمی اخراجات ادا کیے اور اپنی زندگی کے کئی قیمتی سال ڈاکٹر اور ڈینٹسٹ بننے کے لیے وقف کیے ہیں۔ ایسے طلبہ کو تعلیم ادھوری چھوڑ کر اچانک واپس جانے پر مجبور کرنا ان کی برسوں کی محنت، مالی وسائل اور مستقبل کو شدید نقصان پہنچانے کے مترادف ہے۔ خصوصاً آخری سالوں اور امتحانات کے قریب پہنچنے والے طلبہ کو تعلیم سے محروم کرنا ان کے پورے تعلیمی کیریئر کو ضائع کرنے کے برابر ہوگا۔ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے واضح کیا کہ تعلیم کو سیاسی اختلافات، سفارتی کشیدگی یا امیگریشن پالیسیوں کی سزا نہیں بنایا جا سکتا۔ اگر کسی طالب علم کے ویزے یا دیگر قانونی دستاویزات سے متعلق مسئلہ ہے تو اسے انسانی، قانونی اور منصفانہ طریقہ کار کے تحت حل کیا جائے۔ پہلے سے داخل تمام افغان طلبہ کو اپنی ڈگری مکمل کرنے تک مناسب قانونی اور عبوری تحفظ فراہم کیا جائے اور کسی طالب علم کو محض اس کی قومیت کی بنیاد پر تعلیمی سال کے دوران تعلیم سے محروم نہ کیا جائے۔ پارٹی نے حکومت پاکستان، وزارت داخلہ، وزارت خارجہ، پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا

آڈٹ پیرا 4.1.1 کے تحت ٹین بلین ٹری سونامی پروگرام کی سرگرمیوں میں سست روی کا جائزہ لیا گیا، اصغر علی ترین

پی اے سی اجلاس، ٹین بلین ٹری سونامی پروگرام کے خصوصی آڈٹ رپورٹ کے مختلف پیراز کا جائزہ

متعلقہ محکمہ کی جانب سے منصوبے کے حوالے سے کمیٹی کو بریفنگ دی گئی، جس کے بعد آڈٹ اعتراضات پر تفصیلی غور کیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان پبلک اکاؤنٹس کمیٹی (پی اے سی) کا اجلاس چیئرمین اصغر علی ترین کی زیر صدارت بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا، جس میں کمیٹی کے اراکین عبید اللہ گورگیج، صفیہ فضل، فضل قادر مندوخیل اور محمد خان لہڑی نے شرکت کی۔ اجلاس میں سیکرٹری بلوچستان اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ، سیکرٹری جنگلات عمران گچکی، ڈائریکٹر جنرل آڈٹ شجاع علی، اسپیشل سیکرٹری سراج لہڑی، ایڈیشنل (باقی صفحہ 3 نمبر 39)

جمعیت علما اسلام ہر دور کی طرح آج بھی عوام، آئین، پارلیمان اور جمہور کے ساتھ کھڑی ہے، امیر جمعیت (ف)

اسلام اور اسلامی شعائر کے خلاف کفری قوتیں ایک صفحے پر متحد ہو چکی ہیں، مولانا عبدالواسع

ہمارا راستہ آئین، پارلیمان، جمہور اور عوامی مینڈیٹ کا راستہ ہے اور ہم ہر حال میں اسی راستے پر ثابت قدم رہیں گے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ اسلام اور اسلامی شعائر کے خلاف کفری قوتیں ایک صفحے پر متحد ہو چکی ہیں، ایسے حالات میں جمعیت علما اسلام عالم اسلام کی ایک توانا، موثر اور باصول آواز کے طور پر میدان میں موجود ہے اور ملک کے اندر اور بیرون ملک اسلامی تشخص، دینی اقدار اور امت مسلمہ کے حقوق کے تحفظ کی جنگ لڑ رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ (باقی صفحہ 3 نمبر 1)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو اور ایم پی اے زرک خان مندوخیل مختلف وفود سے گفتگو کر رہے ہیں

اسسٹنٹ کمشنر خضدار نے شہر بھر میں شیشہ کیفے چلانے پر مکمل پابندی عائد کر دی

ضلعی انتظامیہ کی جانب سے تمام ہوٹل، ریسٹورنٹ اور کیفے مالکان کو سخت تنبیہ جاری

خضدار (خ ن) ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی کی خصوصی ہدایات پر عمل درآمد کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر خضدار حفیظ اللہ کاکڑ نے شہر بھر میں شیشہ کیفے چلانے پر مکمل پابندی عائد کر دی ہے۔ اس اہم فیصلے کا مقصد نوجوان نسل کو منفی و مضر صحت سرگرمیوں سے محفوظ رکھنا اور علاقے میں امن و امان کی فضا کو بحال رکھنا ہے۔ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے تمام ہوٹل، ریسٹورنٹ اور کیفے مالکان کو سخت تنبیہ جاری کی گئی ہے کہ وہ شیشہ کیفے کا سلسلہ فوراً بند کر دیں۔ انتظامیہ کے مطابق حکم نامے کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف فوری اور بلا امتیاز کارروائی کی جا (باقی صفحہ 3 نمبر 38)

ہراسمنٹ کیس ثابت ہونے پر سرکاری آفیشل کو ملازمت سے برطرف کیا جائیگا، سائرہ عطاء

اوتھل (خ ن) کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کے وژن کے تحت حکومت بلوچستان ہراسمنٹ ایکٹ 2016 کے ذریعے خواتین کے حقوق کے تحفظ کیلئے متحرکانہ کردار ادا کر رہی ہے تا کہ طالبات بلا خوف و خطر تعلیمی سفر جاری رکھیں کسی بھی (باقی صفحہ 3 نمبر 37)

ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کی زیر صدارت اجلاس

اسکولوں کے انتظامی معاملات سمیت مختلف امور پر تفصیلی غور و خوض

چمن (خ ن) ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کی زیر صدارت (Parent Teacher School Management Committee / Project Management Unit) کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع چمن کے تعلیمی اداروں سے متعلق مختلف امور، اسکولوں کی کارکردگی اور تعلیمی نظام میں بہتری کے لیے جاری اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران Parent Teacher School Management Committees (PTSMCs) کے (باقی صفحہ 3 نمبر 2)

فہد حسین عمرانی کا ویٹرنری ڈاکٹر سعید احمد کے ہمراہ گوشت مارکیٹ کا دورہ

رکھنی (خ ن) ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمٰن کاکڑ کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر رکنی فہد حسین عمرانی نے ویٹرنری ڈاکٹر سعید احمد کے ہمراہ گوشت مارکیٹ کا دورہ کیا۔ دوران کارروائی قصائی کی فریج سے 8 کلو مضر صحت گوشت برآمد ہوا، جسے اسسٹنٹ کمشنر نے موقع پر ہی تلف (باقی صفحہ 3 نمبر 35)

نصیر آباد ڈویژن میں میرٹ پر بھرتیاں، 560 بند اسکول دوبارہ فعال

کمشنر آفس کی کاوشوں سے انہیں میرٹ کے مطابق تقرری کا حکم نامہ جاری

خالی آسامیوں کو پر کر کے عوام کو صحت، تعلیم اور ریونیو سمیت بنیادی سرکاری خدمات کی بہتر فراہمی یقینی بنائی ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اور سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو قمر ڈشتی کی عوام دوست پالیسیوں اور میرٹ پر مبنی اقدامات کے نتیجے میں گزشتہ ایک سال کے دوران نصیر آباد ڈویژن میں صحت، تعلیم اور محکمہ ریونیو کے شعبوں میں بڑے پیمانے پر تقرریاں عمل میں لائی گئی ہیں کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین (باقی صفحہ 3 نمبر 34)

افغان طلبہ کے معاملے کو انسانی، تعلیمی اور قانونی بنیادوں پر دیکھا جائے، پشتونخوا نیپ

پاکستان اور افغانستان کے عوام کے درمیان صدیوں پر محیط تاریخی، جغرافیائی، ثقافتی، لسانی اور انسانی رشتے موجود ہیں

میڈیکل کالجوں میں زیر تعلیم افغان طلبہ کو تعلیم جاری رکھنے سے روکنے اور انہیں افغانستان واپس جانے کی ہدایات باعث تشویش ہیں

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل کی جانب سے پاکستانی میڈیکل اور ڈینٹل کالجوں میں زیر تعلیم افغان طلبہ کو تعلیم جاری رکھنے سے روکنے اور انہیں افغانستان واپس جانے کی ہدایات پر شدید تشویش ... (باقی صفحہ 3 نمبر 36)

تجاوزات اور سرکاری نرخنامے کی خلاف ورزی پر سخت کارروائی ہوگی، اسسٹنٹ کمشنر

سرکاری نرخنامے پر عملدرآمد نہ کرنے والے دکانداروں کو جیل بھیجا جائیگا، مجیب الرحمٰن ساسکزئی

پشین (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر پشین مجیب الرحمٰن ... ناپ تول میں کمی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی ... (باقی صفحہ 3 نمبر 32)

حکومت بے روزگاری کے خاتمے کو اپنی اولین ترجیح سمجھتی ہے، صادق عمرانی

سیکرٹری آبپاشی سہیل الرحمان بلوچ اور ان کی ٹیم کی بہترین کاوشوں کے نتیجے میں محکمہ ترقی کے منازل طے کر رہا ہے

حکومت بے روزگاری کے خاتمے، امن و امان کے قیام سمیت عوام کی ترقی اور خوشحالی کیلئے جو سنجیدہ کوششیں جاری ہیں

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر، پیپلز پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے رکن و پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے کہا ہے کہ موجودہ صوبائی حکومت وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں بے روزگاری کے خاتمے، امن و امان کے قیام سمیت عوام کی ترقی اور خوشحالی کیلئے جو سنجیدہ کوششیں جاری ہیں اس کے ثمرات عوام تک پہنچنا شروع ہو چکے ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کے روز سول (باقی صفحہ 3 نمبر 3)

خالد خان کی زیر صدارت بلاک شناختی کارڈ کے حوالے سے اجلاس

بلاک شناختی کارڈ کا مسئلہ سنگین نوعیت کا ہے، جن افراد کے شناختی کارڈ بلاک ہیں

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفر آباد خالد خان کی زیر صدارت بلاک شناختی کارڈ کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا ضلعی افسران سمیت انٹیلی جنس اداروں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران بلاک شناختی کارڈ والے افراد کمیٹی کے سامنے پیش ہوئے اور اپنی مشکلات اور مسائل سے کمیٹی کو آگاہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر خالد خان نے کہا کہ بلاک شناختی کارڈ کا (باقی صفحہ 3 نمبر 4)

تمبو پولیس نے فائرنگ کے تبادلے کے بعد 2 مبینہ ڈاکوؤں کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر لی

کوئٹہ (آن لائن) تمبو پولیس نے فائرنگ کے تبادلے کے بعد 2 مبینہ ڈاکوؤں کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے مسروقہ (باقی صفحہ 3 نمبر 33)

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی ہدایت اور عوامی شکایات پر اسسٹنٹ کمشنر صدر کوئٹہ محمد یوسف ہاشمی زائد قیمت پر آٹے فروخت کرنے والوں کے خلاف کر رہے ہیں

عوامی شکایات پر آٹے کی زائد قیمتوں میں فروخت کے خلاف کارروائی، 11 افراد گرفتار

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کے احکامات پر اسسٹنٹ کمشنر (سٹی) محمد امیر حمزہ اور اسسٹنٹ کمشنر (صدر) محمد یوسف ہاشمی کی نگرانی میں صدر سب ڈویژن کے (باقی صفحہ 3 نمبر 9)

بلوچستان میں سرکاری ملازمتوں کیلئے عمر کی حد میں عمومی رعایت کا نوٹیفکیشن جاری

عام امیدواروں، معذور افراد اور شہدا کے قانونی ورثا کیلئے عمر کی حد 43 سال مقرر کر دی گئی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان حکومت نے سرکاری ملازمتوں میں عمر کی بالائی حد میں عمومی رعایت دے دی۔ اعلامیے کے مطابق عام امیدواروں، معذور افراد اور شہدا کے قانونی ورثا کے لیے عمر کی حد 43 سال مقرر کر دی گئی، 2 سال مسلسل سرکاری سروس مکمل کرنے والے ملازمین کیلئے عمر کی حد 50 سال ہوگی۔ جن اسامیوں میں زیادہ سے زیادہ عمر کی حد 43 سال سے کم ہے (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار انیسہ بیگم کو میرج گرانٹ کی مد میں 50 ہزار کا چیک دلوا دیا گیا

کوئٹہ (پ ر) درخواست گزار انیسہ بیگم نے بتایا کہ انہوں نے میرج گرانٹ کی ادائیگی کے لیے متعلقہ محکمے کو متعدد بار درخواست دی۔ لیکن ان کی کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ لہٰذا انصاف کے حصول کے لیے انہوں نے وفاقی محتسب (باقی صفحہ 3 نمبر 7)

اسسٹنٹ کمشنر سوراب کی زیر صدارت پرائس کنٹرول کمیٹی کا اجلاس

اگر انفروشی اور ناجائز منافع خوری کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی

سوراب (خ ن) ڈپٹی کمشنر سوراب صاحبزادہ نجیب اللہ کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر سوراب شئے اکبر علی بلوچ کی زیر صدارت پرائس کنٹرول کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں متعلقہ محکموں کے افسران، انجمن تاجران اور تاجر برادری کے نمائندگان نے شرکت کی اجلاس میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں اور مارکیٹ کی صورتحال کا جائزہ لیتے ہوئے مختلف (باقی صفحہ 3 نمبر 6)

تعلیمی اداروں میں ڈیسک کی فراہمی کیلئے سمری حکومت کو بجھوائی ہے، اختر کھیتران

سمری حکومت کو بجھوائی ہے جیسے ہی فنڈز ریلیز ہوئے سکولوں کو ڈیسک مہیا کر دیئے جائیں گے

سکولوں میں ٹاٹ کلچر ختم کرتے ہوئے تین ماہ میں اسکولوں کو ڈیسک مہیا کرنے کے اعلان کیا تھا

کوئٹہ (آن لائن) ڈائریکٹر سکولز بلوچستان اختر کھیتران نے کہا ہے کہ تعلیمی اداروں میں ڈیسک کی فراہمی کیلئے سمری حکومت کو بجھوائی ہے فنڈز کے اجراء کے بعد سکولوں کو ڈیسک مہیا کر دیئے جائیں گے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ تین ماہ قبل بلوچستان کے تعلیمی اداروں میں طلباء کو تعلیم کے حصول کے لئے ڈیسک مہیا کرنے کا اعلان ہوا تھا جس پر عملدرآمد نہیں ہو سکا کیونکہ سمری حکومت کو بجھوائی ہے جیسے ہی فنڈز ریلیز ہوئے سکولوں کو ڈیسک مہیا کر دیئے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے بیشتر سکو (باقی صفحہ 3 نمبر 8)

جعفر خان مندوخیل سے آرمی پبلک اسکول سیون اسٹریمز کے طلبا کی ملاقات

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں سید کاشف حسین کی قیادت میں آرمی پبلک اسکول سیون اسٹریمز کے طلبا نے ملاقات کی۔ واضح ر (باقی صفحہ 3 نمبر 27)

سٹی تھانہ کے حدود سے کار ڈکیتی کے خلاف جتک اور عمرانی برادری کا پولیس کے خلاف نعرے بازی کی

اوستہ محمد (آن لائن) سٹی تھانہ کے حدود سے کار ڈکیتی کے خلاف جتک اور عمرانی برادری کا پولیس کے خلاف نعرے بازی کی عزت فقیر ہوٹل کے قریب مسلح ڈاکوؤں نے اسلحہ (باقی صفحہ 3 نمبر 26)

میڈیا کا کردار صرف تنقید تک محدود نہیں، ڈپٹی کمشنر کیچ

تجاویز اور عوامی آگاہی کے فروغ میں بھی نہایت اہم ہے

تربت (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ بشیر احمد ... یاسر اقبال دشتی نے کہا ہے کہ انتظامیہ اور میڈیا کا باہمی تعاون عوامی مسائل کے حل اور حکومتی اقدامات سے عوام کو بروقت آگاہ کرنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ میڈیا کا کردار صرف تنقید تک محدود نہیں بلکہ عوامی مسائل کی نشاندہی، ان کے حل کے لیے تجاویز اور عوامی آگاہی کے فروغ میں بھی نہایت اہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ تربت پریس کلب کی عمارت، صحافیوں کی فلاح و بہبود اور رہائشی کالونی سمیت صحافتی برادری کے مسائل کے حل (باقی صفحہ 3 نمبر 29)

مری قبائل کے معززین کے خلاف مبینہ طور پر من گھڑت ایف آئی آر کا اندراج قابل مذمت ہے، میر کاشف مری

کوہلو (آن لائن) بلوچستان کے ضلع کوہستان مری سے تعلق رکھنے والے نوجوان میر کاشف مری نے اپنے ایک جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ مری قبائل کے معززین کے خلاف مبینہ طور پر من گھڑت ایف آئی آر کا اندراج قابل مذمت ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گرد کا کسی قوم، قبیلے یا مذہب سے تعلق نہیں ہوتا، لہٰذا کسی واقعے کی بنیاد پر پوری قوم یا قبائل کے معزز افراد کو نشانہ بنانا مناسب عمل نہیں۔ میر کاشف مری نے کہا کہ مری قبائل کی معزز شخصیات وڈیرہ سفر (باقی صفحہ 3 نمبر 28)

کنی۔ اسسٹنٹ کمشنر کنی قد حسین عمرانی ویٹرنری ڈاکٹر سعید احمد کے ہمراہ گوشت مارکیٹ کا معائنہ کر رہے ہیں

بدعنوانی کے مضر اثرات سے آگاہ کرنا اور کرپشن سے پاک معاشرے کی تشکیل کے لیے مشترکہ کوششوں کو فروغ دینا تھا

نیب بلوچستان کے زیر اہتمام سٹی سکول کوئٹہ کینٹ میں انسداد بدعنوانی پر تقریری مقابلہ

اقربا پروری، رشوت، سفارش، زور زبردستی اور جانبداری کو کرپشن کی اقسام کے طور پر گردانا اور اس بات پر افسوس کا اظہار

کوئٹہ (خ ن) نیب (بلوچستان) کے زیر اہتمام سٹی سکول، کوئٹہ کینٹ میں انسداد بدعنوانی پر تقریری مقابلہ، آگاہی لیکچر اور واک کا انعقاد انسداد بدعنوانی کی جاری آگاہی مہم کے سلسلے میں قومی احتساب بیورو (بلوچستان) کے زیر اہتمام سٹی سکول، کوئٹہ کینٹ میں تقریری مقابلے، "نیب کے فرائض اور انسداد بدعنوانی میں طلبا کا کردار" کے عنوان سے آگاہی لیکچر اور ایک آگاہی واک کا انعقاد کیا گیا۔ سٹی سکول کی ہیڈ مسٹر (باقی صفحہ 3 نمبر 25)

کوئٹہ پولیس کی کارروائی اغواء، مفرور، اشتہاری سمیت 24 ملزمان گرفتار

زرغون آباد پولیس نے نیک محمد اور یحییٰ کو گرفتار کر کے مسروقہ موبائل، 50 ہزار روپے برآمد کئے

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ پولیس نے اغواء، موٹر سائیکل موبائل فون چھیننے، ڈکیتی سمیت دیگر وارداتوں میں ملوث مطلوب، مفرور، اشتہاری سمیت 24 ملزمان کو گرفتار کر کے مغویہ کو بازیاب کرا کر ملزمان کے قبضے سے 9 پسٹل، بھاری مقدار میں راؤنڈ اور مسروقہ موٹر سائیکلیں، موبائل فون برآمد کر لیے۔ پولیس کے مطابق ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایت پر سٹی پولیس نے ملزم شائستہ خان کے قبضے سے ایک پسٹل بمعہ راؤنڈ، جناح ٹاؤن پولیس نے ملزم ریاض کو گرفتار کر کے ایک پسٹل بمعہ راؤنڈ برآمد کر لئے۔ جبکہ صدر پولیس (باقی صفحہ 3 نمبر 31)

ایس ایس پی پشین کی خصوصی ہدایت پر ایس ایچ او چوہدری ادریس نے بمعہ پولیس نفری کارروائی

پشین (خ ن) ایس ایس پی پشین کیپٹن ریٹائرڈ نوید عالم کی خصوصی ہدایت پر ایس ایچ او چوہدری ادریس نے بمعہ پولیس نفری کارروائی کرتے ہوئے گزشتہ تین ہفتے قبل پشین کے علاقے غرشان روڈ سے مبینہ طور پر لاپتہ ہونے والے کمسن مغوی بچہ وکیل احمد کو کوئٹہ سریل روڈ سے بازیاب (باقی صفحہ 3 نمبر 22)

ان شاء اللہ آئندہ کا لائحہ عمل بھی مثبت اور بہتر ہوگا، بلوچستان گڈز ٹرک

پھنسے سینکڑوں ٹرک، بوزر، کنٹینرز اور مزدا گاڑیوں کو آزادانہ نقل و حمل کی اجازت دی جائے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کے ترجمان نے کہا ہے کہ حکومت پاکستان کے اعلیٰ حکام سے ہمارا اپرزور مطالبہ ہے کہ افغانستان میں پھنسے سینکڑوں ٹرک، بوزر، کنٹینرز اور مزدا گاڑیوں کو آزادانہ نقل و حمل کی اجازت دی جائے تاکہ وہ اپنے گھروں اور منزلوں تک واپس پہنچ سکیں۔ ترجمان نے کہا کہ ہمارے سینکڑوں ٹرک کئی ماہ سے افغانستان میں خالی کھڑے ہیں اور واپسی کے منتظر ہیں۔ اس سلسلے میں ہمارے معزز ٹرانسپورٹر رہنماؤں کی آئی جی ایف سی سے ملاقات بھی ہو چکی ہے، جس میں آئی جی ایف سی صاحب نے (باقی صفحہ 3 نمبر 23)

تربت پریس کلب کی کابینہ کی مدت پوری ہونے پر کابینہ تحلیل

کوئٹہ (آن لائن) تربت پریس کلب کی کابینہ کی مدت پوری ہونے پر کابینہ تحلیل، جنرل کونسل کا دو سالہ کارکردگی پر اظہار اطمینان، نئی کابینہ کے چناؤ تک ذمہ داریاں نبھانے کیلئے انتظامی کمیٹی کی تشکیل، 4 نئے ممبران کی ممبرشپ کی منظوری۔ تربت پریس کلب کے صدر حافظ (باقی صفحہ 3 نمبر 24)

کوئٹہ: انصاف لائرز فورم کے جنرل سیکرٹری عبدالحلیم زرین، عالم خان کاکڑ، شمس رند اور دیگر شمولیت کرنے والوں کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

شہر میں قائم تجاوزات کے خاتمے کیلئے بھی کارروائی جاری رہے گی، اے سی پشین

سرکاری نرخنامے کی خلاف ورزی اور ناپ تول میں کمی کسی صورت برداشت نہیں کی جائیگی

پشین (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر پشین مجیب الرحمن ساسکزئی نے کہا ہے کہ تجاوزات، خود ساختہ مہنگائی، سرکاری نرخنامے کی خلاف ورزی اور ناپ تول میں کمی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، خلاف ورزی کے مرتکب افراد کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اسسٹنٹ کمشنر مجیب الرحمن ساسکزئی نے کہا کہ سرکاری نرخنامے پر عملدرآمد نہ کرنے والے دکانداروں کو جیل بھیجا جائے گا، جبکہ ناپ تول میں کمی کرنے والے افراد کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ انتظامیہ کی جانب سے بازاروں میں نرخنامے کی پابندی، اشیائے ضروریہ (باقی صفحہ 3 نمبر 30)

ایئرپورٹ روڈ پر فٹبال اسٹیڈیم کے قریب ٹریفک حادثہ، پک اپ گاڑی پیچھے سے ٹریکٹر سے ٹکرا گئی

تربت (آن لائن) ایئرپورٹ روڈ پر فٹبال اسٹیڈیم کے قریب ٹریفک حادثہ، پک اپ گاڑی پیچھے سے ٹریکٹر سے ٹکرا گئی۔ حادثے میں گاڑی سوار معمولی زخمی ہوا، جبکہ ٹریکٹر ڈرائیور کو پولیس نے گرفتار کر لیا۔ عینی شاہدین نے بتایا کہ ٹریکٹر خراب ہونے کے باعث مین روڈ کے (باقی صفحہ 3 نمبر 21)

بی آئی آئی کا پاکستان کے ٹرانسمیشن سیکٹر میں سرمایہ کاری میں دلچسپی کا اظہار

اویس لغاری کی توانائی کے شعبے میں اصلاحات اور جامع فریم ورک پر بریفنگ

اسلام آباد (آن لائن) بی آئی آئی کا پاکستان کے توانائی اور ٹرانسمیشن سیکٹر میں طویل المدتی سرمایہ کاری میں دلچسپی کا اظہار۔ وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد خان لغاری سے برٹش انٹرنیشنل انویسٹمنٹ (بی آئی آئی) کے اعلیٰ سطحی وفد نے ملاقات کی، جس میں پاکستان کے توانائی شعبے، بالخصوص ٹرانسمیشن سیکٹر میں سرمایہ کاری کے مواقع، توانائی کے مستقبل کے تقاضوں، قومی گرڈ کی توسیع، بیٹری انرجی اسٹوریج سسٹمز اور گرڈ کی ڈیجیٹلائزیشن سمیت (باقی صفحہ 3 نمبر 20)

ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر امتیاز تختی نے اسسٹنٹ کمشنر بلیدہ ابوبکر میروانی کا پرتپاک استقبال کیا

تربت (خ ن) ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر امتیاز تختی نے اسسٹنٹ کمشنر بلیدہ ابوبکر میروانی کا پرتپاک استقبال کیا۔ دورے کے موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر امتیاز تختی نے اسسٹنٹ کمشنر بلیدہ کو محکمہ سوشل ویلفیئر کی جانب سے جاری مختلف فلاحی پروگرامز اور عوامی خدمت کے اقدامات (باقی صفحہ 3 نمبر 10)

پاک بھارت جنگ ہو یا معاشی مسئلہ چین نے ہر فورم پر پاکستان کا بھرپور ساتھ دیا، مولانا غفور حیدری

مسلسل جنگ کی بجائے نظام کا حصہ بن کر اپنے حقوق کا دفاع کیا جا سکتا ہے، سیکرٹری جنرل جے یو آئی

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام (ف) کے سیکرٹری جنرل مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا ہے کہ مسلسل جنگ کی بجائے نظام کا حصہ بن کر اپنے عقائد اور حقوق (باقی صفحہ 3 نمبر 11)

کوئٹہ، سابق محتسب اعلیٰ نذر بلوچ ایڈووکیٹ، سنیئر قانون دان علی احمد کرد، عالم خان کاکڑ، اور دیگر ایسوسی ایشن آف انٹرنیشنل لائرز بلوچستان کے زیر اہتمام ممبر شپ سرٹیفکیٹ تقسیم کر رہے ہیں

اسی راستے سے بلوچستان کے عوام اپنے آئینی، جمہوری اور بنیادی انسانی حقوق حاصل کر سکتے ہیں، میر عبدالرؤف مینگل

بلوچستان اس وقت انتہائی نازک اور غیر معمولی حالات سے گزر رہا ہے، بی این پی

بلوچستان کے نوجوانوں کو تعلیم، روزگار اور ترقی کے مواقع فراہم کرنے کے بجائے طاقت اور جبر کی پالیسی اختیار کی جا رہی ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سنٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن اور سابق رکن قومی اسمبلی میر عبدالرؤف مینگل نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ بلوچستان اس وقت انتہائی نازک اور غیر معمولی حالات سے گزر رہا ہے۔ عالمی و علاقائی سیاسی تبدیلیوں، معاشی بحران، بدامنی، بے روزگاری، لاقانونیت اور آئین و قانون سے ماورا اقدامات نے بلوچستان کے عوام کو شدید مشکلات سے دوچار کر دیا ہے۔ انہوں نے (باقی صفحہ 3 نمبر 12)

عقیدہ ختم نبوت کا ہر صورت تحفظ یقینی بنایا جائے گا اسلامی نظریاتی کونسل

قادیانیت کے فتنے سے عوام کو آگاہ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، چیئرمین

اسلام آباد (آن لائن) چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل علامہ ڈاکٹر راغب حسین نعیمی نے کہا ہے کہ عقیدہ ختم نبوت کا ہر صورت تحفظ یقینی بنایا جائے گا۔ ختم نبوت ہمارے ایمان کا بنیادی اور ناقابل تنسیخ عقیدہ ہے۔ قادیانیت کے فتنے سے عوام کو آگاہ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ختم نبوت کے تحفظ کیلئے قانونی راستہ اختیار کیا جائے۔ عقیدہ ختم نبوت کا تحفظ ہر مسلمان کا ایمانی فریضہ ہے۔ پاکستان میں عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ کے لیے قانون موجود ہے۔ ختم نبوت کے تحفظ کیلئے مفتی محمد حسین نعیمی، ڈاکٹر سرفراز نعیمی شہید کی خدمات قابل قدر ہیں۔ جا (باقی صفحہ 3 نمبر 18)

عوام کو مقررہ نرخ اور مکمل وزن کے مطابق نان کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے کارروائیاں جاری

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے احکامات اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ منیر احمد کی خصوصی ہدایت پر ضلعی انتظامیہ کی جانب سے عوام کو مقررہ نرخ اور مکمل وزن کے مطابق نان کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے کارروائیاں جاری ہیں۔ اس سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنر برہ (باقی صفحہ 3 نمبر 17)

کوئٹہ میں شام ڈھلتے ہی فحاشی و بے حیائی کا پھیلاؤ تشویشناک ہے، جمعیت (ف)

انتظامیہ فوری طور پر ایسے عناصر کے خلاف قانون کے مطابق بلا امتیاز کارروائی کرے

انتظامیہ کی خاموشی اور عدم توجہی نے ایسے عناصر کو مزید حوصلہ دیا ہے، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد، عبدالصمد ہتیار، مفتی محمد ابوبکر، عبدالباری شہزاد، اختر جان مری، مولانا جمال الدین حقانی، مفتی رشید احمد حقانی اور حاجی عطا محمد شمشوزئی نے کہا ہے کہ کوئٹہ شہر میں شام ڈھلتے ہی (باقی صفحہ 3 نمبر 16)

وڈیرہ شیرین خان پوادی مری اور ہنگل خان پوادی مری کے خلاف درج مقدمے قابل مذمت ہے، عبدالشکور مری

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات عبدالشکور مری نے پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنماء وڈیرہ شیرین خان پوادی مری اور ہنگل خان پوادی مری کے خلاف درج مقدمے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس طرح کے اوچھے ہتھکنڈوں اور بے بنیاد مقدمات سے 2 برادر اقوام میں پائے جانے والے بھائی چارے، ہم آہنگی اور یکجہتی سمیت ان کے اعتماد کو ٹھیس پہنچے گی اس لئے درج کئے گئے مقدمے سے ان قبائلی، سیاسی شخصیات ا (باقی صفحہ 3 نمبر 13)

جامعہ گوادر کے شعبہ کمپیوٹر سائنس کے بورڈ آف اسٹڈیز کا ساتواں اجلاس

جامعہ گوادر اور دیگر جامعات کے ماہرین تعلیم سمیت متعلقہ شعبوں کے ماہرین کی شرکت

گوادر (خ ن) جامعہ گوادر کے شعبہ کمپیوٹر سائنس کے بورڈ آف اسٹڈیز کا ساتواں اجلاس چیئرپرسن حفیظ اللہ کی زیر صدارت پاک چائنا ٹیکنیکل اینڈ ووکیشنل انسٹی ٹیوٹ میں منعقد ہوا، جس میں اے آئی، ڈیٹا سائنس، سائبر سیکیورٹی اور دیگر جدید شعبوں کے نصاب کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے اور تحقیق و عملی تربیت کے فروغ کے لیے اہم تجاویز پیش کی گئیں (باقی صفحہ 3 نمبر 15)

حکومت بلوچستان کا ڈاکٹر نعیم زرکون کو عہدے سے ہٹانے کا فیصلہ قابل مذمت ہے، پی ایم اے کوئٹہ زون

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن (پی ایم اے) کوئٹہ زون نے نومنتخب صدر ڈاکٹر نعیم زرکون کو ان کے سرکاری عہدے سے ہٹانے کے حکومتی فیصلے پر شدید تشویش اور سخت مذمت کا اظہار کیا ہے۔ پی ایم اے کوئٹہ زون کے ترجمان نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ ڈاکٹر نعیم زرکون کو محض اس بنیاد پر سرکاری عہدے سے ہٹانا کہ وہ پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن کے (باقی صفحہ 3 نمبر 14)

جامعہ تربت کے شعبہ اکنامکس کی ایف جی آر سی کا پہلا اجلاس

تربت (خ ن) جامعہ تربت کے شعبہ اکنامکس کی فیکلٹی گریجویٹ ریسرچ کمیٹی (ایف جی آر سی) کا پہلا اجلاس فیکلٹی آف بزنس اینڈ اکنامکس کے ڈین ڈاکٹر عدیل احمد کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں شعبہ اکنامکس میں جدید تحقیقی کلچر کو مزید مستحکم بنانے کے لیے اہم فیصلے کیے (باقی صفحہ 3 نمبر 19)

حب: ڈسٹرکٹ منیجر پی پی ایچ آئی ڈاکٹر مرشد دشتی مختلف بنیادی مراکز صحت کا مانیٹرنگ دورہ کر رہے ہیں

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد عاطف خان نے السعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ تعمیر وطن کوئٹہ اسٹینڈرڈ کمپلیکس مشن روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ فون، فیکس: 2824878، موبائل نمبر 03337867133، ای میل: twnisb@gmail.com tameerewatan33@gmail.com